

https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ABC Certified — کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیرالاشاعت روزنامہ

روزنامہ Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta

بلوچستان آبزرور کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | پیر 13 جولائی 2026ء | 27 محرم 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 99

عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے گا، سرفراز بگٹی

دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں آخری دہشت گرد کے خاتمے تک پوری قوت، تسلسل اور فیصلہ کن انداز میں جاری رہیں گی

بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام، دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے حکومت پوری سنجیدگی اور عزم کے ساتھ اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان کا ہنہ اڑک کے گاؤں ببری کا دورہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اتوار کے روز ہنہ اڑک کے گاؤں ببری کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے دہشت گردوں کے خلاف جاری آپریشن شعبان کا جائزہ لیا اور آپریشن میں شریک پولیس فورس کے جوانوں سے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ نے پولیس اہلکاروں سے فرداً فرداً ملاقات کرتے ہوئے ان کی بہادری، عزم، پیشہ ورانہ صلاحیت اور فرض شناسی کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس، لیویز، فرنٹیئر کور اور دیگر سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں پوری قوم کیلئے باعث فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے امن کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے جوان قوم کے حقیقی ہیرو ہیں اور ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

پاکستان کا خطے میں کشیدگی میں اضافے پر اظہار تشویش، فریقین پر تحمل کا مظاہرہ کرنے پر زور

پاکستان مذاکرات اور سفارتکاری کے ذریعے خطے میں دیرپا امن و استحکام کیلئے ہر ممکن تعاون جاری رکھنے کے عزم پر قائم ہے

فریقین اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے تحت اپنے وعدوں کی پاسداری کریں، ترجمان دفتر خارجہ کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے خطے میں کشیدگی میں اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے فریقین پر تحمل کا مظاہرہ کرنے اور کشیدگی میں کمی کیلئے فوری اقدامات کرنے پر زور دیا ہے۔ ایک بیان میں ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان خطے کے تمام برادر ممالک کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی بھرپور حمایت کا اعادہ کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام فریقین تحمل کا مظاہرہ اور کشیدگی میں کمی کیلئے فوری اقدامات (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

اسرائیلی فوج کی غزہ میں جنگ بندی کی خلاف ورزیاں جاری، مزید دو فلسطینی شہید

خان یونس میں فائرنگ کر کے 2 فلسطینیوں کو شہید کر دیا اور کئی زخمی ہوگئے

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج کی غزہ میں جنگ بندی کی خلاف ورزیاں جاری ہیں۔ عرب میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فوج نے نصیرات کیمپ کے نزدیک (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

بنگلا دیش، کئی روز کی بارش اور سیلاب کے باعث مختلف حادثات میں 44 افراد ہلاک

بجلی کی بندش، تباہ شدہ سڑکیں اور منقطع مواصلاتی رابطے امدادی کارروائیوں میں مشکلات کا سبب بن رہے ہیں

ڈھاکا (این این آئی) بنگلا دیش میں کئی روز کی شدید بارشوں اور سیلاب کے باعث لینڈ سلائیڈنگ اور مختلف حادثات میں 44 افراد ہلاک ہوگئے۔ بنگلا دیشی حکام کے مطابق بارشوں اور سیلاب سے جنوب مشرقی علاقوں کے 7 اضلاع شدید متاثر ہوئے، متاثرہ (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے سعودی سفیر کی ملاقات

خطے کی تازہ ترین صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر، (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کی ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی سے ٹیلیفون پر گفتگو، خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی سے (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر سید عمران احمد شاہ، آج گاؤں داد بلوچ، یونین کونسل کاریال میں سولرائزڈ واٹر فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح کر رہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف کا کابینہ میں نئے چہرے شامل کرنے کا فیصلہ

شہباز شریف نے مشاورت مکمل کر لی۔ نئے شامل ہونے والے ارکان کو وزیر مملکت کے عہدے دیے جانے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی کابینہ کو نوجوان اور نئے چہرے شامل کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے مشاورت مکمل کر لی، نئے شامل ہونے والے ارکان کو وزیر مملکت کے عہدے دیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق محنتی، متحرک اور نتائج دینے والے ارکان کو آگے لانے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعظم نے (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

آبنائے ہرمز، امریکا مفاہمتی یادداشت کی شرائط پر عمل کرے، ایرانی فوج

ایرانی فوج مسلسل اپنے ممکنہ اہداف کی فہرست کو اپ ڈیٹ کر رہی ہے، بریگیڈیئر جنرل محمد اکرمینیا

تہران (این این آئی) ایرانی فوج کے بریگیڈیئر جنرل محمد اکرمینیا نے ایک بار پھر امریکا پر زور دیا ہے کہ وہ 16 جون کو تہران اور واشنگٹن کے درمیان طے پانے والی مفاہمتی یادداشت کی شرائط پر عمل کرے۔ سرکاری نشریاتی ادارے آئی آر آئی بی سے گفتگو کرتے ہوئے بریگیڈیئر جنرل اکرمینیا نے الزام عائد کیا کہ امریکا نے آبنائے ہرمز میں ایک غیر قانونی راستہ قائم کرنے کی کوشش کر کے خطے میں عدم تحفظ کی صورتحال پیدا کی۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی مسلح افواج (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

امریکا کا ایران کے 140 فوجی اہداف کو نشانہ بنانے کا دعویٰ، ایران کے خلیجی ممالک پر جوابی میزائل حملے

ایران کے خلاف اس ہفتے کے تیسرے فضائی حملوں کا آغاز کیا گیا۔ یہ کارروائی اس وقت کی گئی جب ایران کی پاسدارانِ انقلاب نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے قبرص کے پرچم بردار کنٹینر جہاز پر حملہ کیا

ایران کے عمان، قطر، اردن، بحرین، کویت میں امریکی فوجی اہداف پر حملے خندب میں فوجی اڈہ بھی نشانہ بنا، بندر عباس، قشم، سریک، جسک، صوبہ خوزستان کے تین اور بوشہر کے پانچ شہروں میں دھماکے ہوئے، ایرانی میڈیا

واشنگٹن / تہران (این این آئی) امریکی فوج نے ایران کے 140 فوجی اہداف کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے جبکہ ایران کی جانب سے عمان، قطر، اردن، بحرین، کویت میں امریکی فوجی اہداف پر حملے کئے گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق امریکی سینٹرل کمانڈ نے اعلان کیا کہ ایران کے خلاف اس ہفتے کے تیسرے فضائی حملوں کا آغاز کیا گیا۔ امریکی بیان کے مطابق یہ کارروائی اس وقت کی گئی جب ایران کی پاسدارانِ انقلاب نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے قبرص کے پرچم بردار کنٹینر جہاز پر حملہ کیا، حملے کے نتیجے میں جہاز میں آگ بھڑک اٹھی، انجن روم کو شدید نقصان پہنچا اور ایک شہری عملے کا رکن لاپتہ ہوگیا، جبکہ جہاز اپنا سفر جاری رکھنے کے قابل نہ رہا۔ امریکا کے مطابق ایران کو اس سے قبل تجارتی جہازوں پر حملوں کے بعد مفاہمتی یادداشت کی پاسداری کا ایک اور موقع دیا گیا تھا، تاہم تہران نے دوبارہ اس کی خلاف ورزی کی۔ امریکی حکام (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم شہباز شریف کی آج قطر روانگی متوقع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی (آج) پیر کو قطر روانگی متوقع ہے، قطری قیادت کے ساتھ ملاقاتوں میں دو طرفہ تعلقات اور عالمی و علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق دفتر خارجہ وزیراعظم کے دورہ قطر کو حتمی شکل دے گا۔ دورے (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی گزشتہ روز دہشتگرد حملے سے متاثرہ ہنہ اوڑک کلی ببری کے دورے کے موقع پر فورسز سے گفتگو کر رہے ہیں

بلوچستان میں آپریشن شعبان کے دوران مزید 4 خوارج مارے گئے، ہلاک دہشتگردوں کی تعداد 71 ہو گئی

سیکیورٹی اداروں کی مشترکہ کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کی عکاس ہیں۔ افسران اور جوانوں کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں

5 جولائی سے اب تک 109 خوارج مارے جا چکے ہیں، برآمد اسلحے میں ایم 4 رائفل، ایس ایم جیز، راکٹ لانچر، موبائل فونز اور دیگر سامان شامل ہیں، رپورٹ

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج، ایف سی بلوچستان اور پولیس کے صوبے میں آپریشن شعبان میں تازہ کارروائیوں کے دوران مزید 4 خوارج جہنم واصل کر دیے گئے، آپریشن شعبان میں ہلاک دہشت گردوں کی تعداد 71 ہوگئی جبکہ 5 جولائی سے اب تک 109 خوارج مارے جا چکے ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق خارجیوں کو فضائی اور زمینی کارروائیوں میں نشانہ بنایا جا رہا ہے، ہلاک خارجیوں کے قبضے سے (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

امریکا نے رات کو ایران پر سخت بمباری کی، آبنائے ہرمز کھلی ہوئی ہے، ڈونلڈ ٹرمپ

ہرمز خطے میں امریکی مداخلت کے خاتمے تک بند رہے گی، ایران

واشنگٹن / تہران (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکا نے گزشتہ رات ایران پر بہت سخت حملے کیے، آبنائے ہرمز کمرشل ٹریفک کیلئے کھلی ہوئی ہے۔ (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

نیلم جہلم ہائیڈرو پاور کمپنی کو 29 ارب 41 کروڑ روپے سے زائد خسارے کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ نیلم جہلم ہائیڈرو پاور کمپنی کو 29 ارب 41 کروڑ روپے سے زائد خسارے کا (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

حکومت بلوچستان کا بے گناہ مزدوروں کے قتل کے افسوسناک واقعہ کا سخت نوٹس، تحقیقات کا حکم

حکومت بلوچستان قانون کی بالادستی پر مکمل یقین رکھتی ہے

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے ماشکیل میں فائرنگ کے افسوسناک واقعے میں پانچ معصوم اور بے گناہ مزدوروں کے قتل کے افسوسناک واقعہ کا سخت نوٹس لیتے ہوئے واقعے کی فوری اور شفاف تحقیقات کا حکم دے دیا ہے معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ معصوم اور بے گناہ (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

واشک نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 5 مزدور جاں بحق

پنجاب سے تعلق رکھنے والے 5 مزدور، جن میں سے 4 کی شناخت محمد حسن، عبدالقدیر، محسن اور بلال کے نام سے ہوئی ہے

فورسز نے واقعہ کے بعد جاں بحق ہونے والے افراد کو ہسپتال منتقل کر دیا اور علاقے کو گھیرے میں لیکر نامعلوم ملزمان کی تلاش شروع کر دی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع واشک میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے پنجاب سے تعلق رکھنے والے پانچ افراد جاں بحق ہوگئے۔ ڈپٹی کمشنر واشک مجید سرپرہ نے بتایا کہ اتوار کو ماشکیل میں نامعلوم مسلح افراد نے حجام کی دکان پر بیٹھے مزدوروں پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں پنجاب سے تعلق رکھنے والے 5 مزدور جاں بحق ہوگئے جن میں سے 4 کی شناخت محمد حسن، عبدالقدیر، محسن اور بلال کے نام سے ہوئی ہے۔ (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

کچھی، نامعلوم افراد سوئی سدرن گیس کمپنی کے آفس پر دستی بم پھینک کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی میں نامعلوم افراد سوئی سدرن گیس کمپنی کے آفس پر دستی بم پھینک کر فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق اتوار کو کچھی میں نامعلوم افراد نے (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

یکطرفہ معاہدوں کا دور ختم، اپنے الفاظ پر قائم رہو یا قیمت ادا کرو: محمد باقر قالیباف

ہم نے پہلے ہی کہا تھا یا اپنے وعدے پورے کریں یا پھر اس کی قیمت چکائیں

تہران (این این آئی) ایران کے اعلیٰ مذاکرات کار اور اسپیکر پارلیمنٹ محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ یکطرفہ معاہدوں کا دور ختم ہو چکا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس (X) پر جاری اپنے بیان میں انہوں نے لکھا کہ ہم نے پہلے ہی کہا تھا یا اپنے وعدے پورے (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے گا، میر سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ کا ماشکیل میں نہتے اور بے گناہ مزدوروں کے بہیمانہ قتل کی شدید ترین الفاظ میں مذمت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع واشک کی تحصیل ماشکیل میں نہتے اور بے گناہ مزدوروں کے بہیمانہ قتل کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید ہونے والے صرف پنجابی مزدور نہیں تھے بلکہ پاکستان کے شہری، محنت کش اور ہمارے اپنے بھائی تھے۔ ان پر حملہ کسی ایک صوبے یا قومیت پر نہیں بلکہ پاکستان کی وحدت، آئین اور (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

یو اے ای نے میزائل حملوں کے خطرات کے باعث اپنا فضائی دفاعی نظام متحرک کر دیا

احتیاطی الرٹ عوام کی حفاظت کیلئے جاری کی گئی، عوام صرف سرکاری ذرائع سے جاری معلومات پر اعتماد کریں، حکام

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات نے اتوار کی صبح ملک بھر میں میزائل اور ڈرون خطرات کے پیش نظر اپنے فضائی دفاعی نظام کو متحرک کر دیا۔ حکام کے مطابق مختلف علاقوں میں سنائی دینے والی دھماکوں کی آوازیں فضائی دفاعی نظام کی جانب سے جاری انٹرسیپشن کارروائیوں کا نتیجہ ہیں، احتیاطی الرٹ عوام کی حفاظت کیلئے جاری کی گئی، عوام صرف سرکاری (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار سے برطانوی دارالامرا کے رکن لارڈ عامر کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، زیارت پولیس لواحقین لاشیوں کے ہمراہ دھرنے میں بیٹھے ہیں

پاکستان کشمیری عوام کی حق خودارادیت کے حصول کی منصفانہ جدوجہد میں شانہ بشانہ کھڑا ہے، شہباز شریف

مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام اپنے جائز حق اور امنگوں کے حصول کیلئے ثابت قدمی سے جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں،

یوم شہدائے کشمیر، جموں و کشمیر کے عوام کے عزم، جرات اور غیر متزلزل استقامت کی علامت بھی ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے یوم شہدائے کشمیر کو جموں و کشمیر کے عوام کے عزم، جرات اور غیر متزلزل استقامت کی علامت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام اپنے جائز حق اور امنگوں کے حصول کیلئے ثابت قدمی سے جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں، پاکستان کشمیری عوام کی اپنے ناقابلِ تنسیخ حقِ خودارادیت کے حصول کی منصفانہ جدوجہد میں مکمل یکجہتی کے ساتھ ان (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

ہمیں تنہا کمزور نہ سمجھا جائے، پشتون 100 سال بعد بھی اپنا بدلہ نہیں بھولتے، محمود اچکزئی

زیارت پولیس شہدا کے قاتل وہ تمام لوگ ہیں جنہوں نے انہیں واٹر ٹینک پر بھیجا جنہوں نے اسلحہ نہیں پہنچایا

اسلام اور پشتون اعلیٰ روایات دونوں میں اس قسم کی المناک اور ناحق موت کی اجازت نہیں، چیئرمین تحریک تحفظ آئین پاکستان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کوئٹہ کے کوئلہ پھاٹک کے مقام پر جاری زیارت دہشت گردانہ واقعہ کے خلاف عوامی احتجاجی دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام پشتونوں کا جرگہ ہونا چاہیے، پشتونوں کی موجودہ صورتحال پر خیبر سے تیراہ وزیرستان اور جنوبی پشتونخوا تک تمام پشتونوں کا جرگہ ضروری ہے، قوموں پر جب بُرا وقت آتا ہے تو وہ اپنے اندرونی اختلافات پس پشت ڈال کر رکھ دیتے ہیں، زیارت پولیس شہدا کے قاتل وہ تمام لوگ ہیں جنہوں نے (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

بالائی علاقوں میں شدید بارشوں کے باعث لینڈ سلائیڈنگ، تودے گرنے کا خدشہ

صوبے کے بالائی علاقوں میں آندھی اور شدید بارشوں کے باعث اچانک سیلاب آ سکتا ہے، رپورٹ

پشاور / لاہور / اسلام آباد (این این آئی) خیبر پختونخوا کے بالائی (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

تربت شدید گرمی کی لپیٹ میں، درجہ حرارت 48 ڈگری سینٹی گریڈ سے تجاوز کر گیا

تربت (این این آئی) تربت اس وقت شدید ترین ہیٹ ویو اور جولائی کی جھلسا دینے والی گرمی کی لپیٹ میں ہے۔ شہر میں درجہ حرارت 48 ڈگری سینٹی گریڈ سے تجاوز کر چکا ہے، (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

او آئی سی خواتین کی 9 ویں وزارتی کانفرنس، ایجنڈے کی منظوری

او آئی سی پلان آف ایکشن برائے خواتین پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی میزبانی میں وزارتِ انسانی حقوق کے زیر اہتمام منعقدہ او آئی سی خواتین کی 9 ویں وزارتی کانفرنس کے پہلے روز تکنیکی اجلاس منعقد (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

وفاقی حکومت نے روایتی سرنجز پر مکمل پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے روایتی (مینول) سرنجز پر مکمل پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ذرائع کے (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

3 سال میں بیرون ممالک جانے کے خواہشمند 74 ہزار 474 افراد کو آف لوڈ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) مختلف ایجنسیز اور اداروں نے 3 سالوں میں بیرون (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نعمان مندوخیل کی عیادت کر رہے ہیں

فاقی وزیر رانا تنویر احسین میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کی رینکنگ اسکورنگ میں نمایاں بہتری آئی ہے، جعفر مندوخیل

جدید علم پر مبنی ریسرچ کو فروغ دیتا ہے اور صوبے کے دور افتادہ اضلاع میں بھی ہائیر ایجوکیشن تک مساوی رسائی کو یقینی بناتا ہے

قومی تعلیمی معیارات کو عالمی معیارات کے ساتھ ہم آہنگ کرنے میں ہائیر ایجوکیشن کمیشن کا کلیدی کردار ہے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ پاکستان کی تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کی رہنمائی، معاونت اور قومی تعلیمی معیارات کو عالمی معیارات کے ساتھ ہم آہنگ کرنے میں ہائیر ایجوکیشن کمیشن کا کلیدی کردار ہے۔ بلوچستان میں، ٹیچنگ، ریسرچ اور ادارہ جاتی تعمیر و ترقی میں ایچ ای سی کی مسلسل معاونت نے ایجوکیشن ایکسیلینس اور ریسرچ پر مبنی پیشرفت کی بنیاد ڈالنے میں اہم (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

بھارت غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں جبر و استبداد فوری طور پر بند کرے، صدر زرداری

عالمی برادری بھارتی غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی پاسداری کو یقینی بنانے کیلئے موثر کردار ادا کرے

بھارت غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں جبر و استبداد فوری طور پر بند اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں ختم کرے، پیغام

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ عالمی برادری بھارتی غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی پاسداری کو یقینی بنانے کیلئے موثر کردار ادا کرے، بھارت غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں جبر و استبداد فوری طور پر بند اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں ختم کرے، تمام سیاسی قیدیوں کو رہا، فوجی محاصرہ ختم کیا جائے، پاکستان اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

بھارت میں مسلمان خاتون کی سرعام تذلیل، ہندو جنونیوں نے برقع کھینچ کر زبردستی سندور لگا دیا

بی جے پی کی قیادت میں قائم مودی حکومت اقلیتوں پر مظالم کی سرپرستی کر کے اپنا ووٹ بینک مضبوط کر رہی ہے، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) آر ایس ایس کے غنڈوں نے مودی کی سرپرستی میں بھارتی مسلمانوں کے لیے شناخت اور عزت کا تحفظ بھی مشکل بنا دیا۔ انتہا پسند بی جے پی کی (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

مولانا عبدالغفور حیدری نے وفاقی وزیر داخلہ سے استعفے کا مطالبہ کر دیا

چاغی میں بینک لوٹے گئے، تھانے جلائے گئے اور پولیس اہلکاروں کے اسلحہ پر قبضہ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی ناظم عمومی (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

نئے اضلاع اور ڈویژنز کا قیام انتظامی اصلاحات کو معاشی ترقی سے جوڑنا ہوگا، عبدالقادر

گر اس فیصلے پر سنجیدگی، شفافیت اور مؤثر منصوبہ بندی کے ساتھ عملدرآمد کیا گیا تو یہ بلوچستان کی معاشی اور سماجی ترقی میں ایک تاریخی سنگِ میل ثابت ہو سکتا ہے

عوام کو ریاستی سہولیات، ترقیاتی مواقع اور مؤثر طرزِ حکمرانی کے قریب لانے کی ایک اہم قومی ضرورت ہے، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے بلوچستان میں نئے اضلاع اور ڈویژنز کے قیام کے فیصلے کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدام صرف انتظامی تبدیلی نہیں بلکہ بلوچستان کے عوام کو ریاستی سہولیات، ترقیاتی مواقع اور مؤثر طرزِ حکمرانی کے قریب لانے کی ایک اہم قومی ضرورت ہے گر اس فیصلے پر سنجیدگی، شفافیت اور مؤثر منصوبہ بندی کے ساتھ عملدرآمد کیا (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

آڈیٹر جنرل نے ڈائریکٹر جنرل پیٹرولیم کنسورشیم کے ڈیٹا سیکیورٹی پر سوالات اٹھا دیئے

پاکستان میں تیل و گیس کی دریافت کا لائسنس دینے والے ادارے کا ڈیٹا غیر محفوظ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں تیل و گیس کی دریافت کا لائسنس دینے والے ادارے کا ڈیٹا غیر محفوظ ہے، آڈٹ رپورٹ کے مطابق حساس معلومات کے تحفظ کیلئے ڈیٹا سیکیورٹی پالیسیوں کا فقدان ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق آڈٹ رپورٹ میں ڈیٹا تک رسائی، انکرپشن اور تبدیلیوں کی پالیسیاں موجود نہ ہونے کی نشاندہی کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق حساس معلومات کے تحفظ کیلئے ڈیٹا سیکیورٹی پالیسیوں کا فقدان ہے، سائبر خطرات میں اضافے کا (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

کوئلہ پھاٹک پر زیارت میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کے لواحقین کے احتجاجی دھرنے سے سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری رئیسانی، عبدالرحیم زیارتوال نصر اللہ زیرے، ملک امان اللہ مہترزئی، عبدالرحیم کاکڑ، ملک عنایت کاسی، رشید ناصر، نور خان اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

عمران احمد شاہ نے شمسی توانائی سے چلنے والے واٹر فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح کر دیا

واٹر فلٹریشن پلانٹ تقریباً 550 گھرانوں، یعنی 6 ہزار سے زائد افراد کو صاف پینے کا پانی فراہم کرے گا، وفاقی وزیر

ساہیوال (این این آئی) وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ سید عمران احمد شاہ نے ضلع ساہیوال کے گاؤں داد بلوچ، یونین کونسل کریال-1 میں شمسی توانائی سے چلنے والے واٹر فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح کر دیا۔ یہ منصوبہ پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے تحت اس کے شراکتی ادارے کمیری ہینسو ہیلتھ اینڈ ایجوکیشن فورم کے ذریعے بلڈنگ ریزیلینٹ کمیونٹیز فار سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ منصوبے کے تحت مکمل کیا گیا۔ تقریب میں رکن پنجاب اسمبلی (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

روزنامہ
Daily BALOCHISTAN Observer Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

چترال میں گلیشیئر پگھلنے سے سیلاب، گرمی کی حدت بڑھنے سے ممکنہ نقصانات

اپر چترال میں گلیشیائی پگھلاؤ کے باعث ندی نالوں میں شدید طغیانی آ گئی جس سے مختلف علاقوں میں سیلابی صورت حال پیدا ہو گئی اور بڑے پیمانے پر نقصانات کا اندیشہ ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یارخون کے علاقے ہانگ گول میں اچانک سیلاب آنے سے پانی کے بہاؤ میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے اور شدید سیلاب کے باعث بنگ نالہ پر قائم واحد رابطہ پُل بھی دریا برد ہو گیا جس سے یارخون کی تقریباً پچاس ہزار آبادی کا واحد زمینی رابطہ منقطع ہو گیا۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری کردہ تازہ ہائیڈرولاجیکل رپورٹ کے مطابق ملک بھر کے تمام بڑے دریاؤں میں پانی کی سطح معمول کے مطابق ہے تاہم اگلے 24 گھنٹے کے دوران دریائے ستلج، راوی، چناب کے بالائی علاقوں، کشمیر اور پنجاب کے شہروں سیالکوٹ، نارووال، قصور، لاہور شیخوپورہ کے علاقوں میں طوفانِ بادوباراں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ اسی طرح اگلے 48 گھنٹے کے دوران ملک بھر میں بارشوں کا امکان ہے۔ بے شک چترال میں گلیشیئر پگھلنے سے آنے والے سیلاب سے واضح ہو گیا ہے کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں کے سنگین اثرات کی زد میں ہے۔ سیلابی ریلے میں پل دریا برد ہونے سے ہزاروں افراد کا زمینی رابطہ منقطع ہو گیا، متعدد سڑکیں بند ہو گئیں اور مقامی آبادیوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ یہ واقعہ پورے ملک کے لیے ایک سنجیدہ انتباہ ہے کہ اگر بروقت اور مؤثر اقدامات نہ کیے گئے تو آنے والے دنوں میں مزید بڑے نقصانات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات پہلے ہی خبردار کر چکا ہے کہ موجودہ مون سون سیزن کے دوران معمول سے زیادہ بارشوں کا امکان ہے، جبکہ ملک کے مختلف حصوں میں بارشوں کا سلسلہ شروع بھی ہو چکا ہے۔ اس صورت حال میں دریاؤں، ندی نالوں اور پہاڑی علاقوں میں طغیانی کے خدشات بڑھ گئے ہیں۔ شمالی علاقوں میں گلیشیئر تیزی سے پگھل رہے ہیں، جس کے باعث گلیشیائی جھیلوں کے پھٹنے اور اچانک سیلاب آنے کے خطرات بھی بڑھتے جا رہے ہیں۔ یہ تمام عوامل اس امر کا تقاضا کرتے ہیں کہ متعلقہ ادارے غیر معمولی حالات سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر تیار رہیں۔ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات اب ہماری روزمرہ زندگی، معیشت، زراعت، آبی وسائل اور بنیادی ڈھانچے کو براہِ راست متاثر کر رہے ہیں۔ گرمی کی شدت میں مسلسل اضافہ، بے وقت اور غیر معمولی بارشیں، طویل خشک سالی اور مختلف شدت کے زلزلے عوام کیلئے نئی آزمائشیں پیدا کر رہے ہیں۔ پاکستان ان ممالک میں شامل ہے جو عالمی سطح پر کاربن کے اخراج میں معمولی حصہ رکھتے ہیں، مگر موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سب سے زیادہ برداشت کر رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ قومی سطح پر موسمیاتی خطرات سے نمٹنے کی حکمت عملی کو مزید مؤثر بنانے کی ضرورت ہے۔ قدرتی آفات کو روکنا تو انسان کے اختیار میں نہیں، تاہم ان کے نقصانات کو کم کرنا یقیناً بہتر منصوبہ بندی، بروقت انتباہی نظام اور مؤثر انتظامی اقدامات کے ذریعے ممکن ہے۔

وزیراعظم کی میری ٹائم ٹاسک فورس اور معاشی انقلاب

عبدالواسع

پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے ایک ایسی جغرافیائی پوزیشن دی ہے جو دنیا کے بہت کم ممالک کے حصے میں آتی ہے۔ ہمارے پاس سمندر بھی ہے اور گوادر، کراچی اور پورٹ قاسم کی صورت میں تین اقدرتی بندرگاہیں بھی موجود ہیں۔ یہ بندرگاہیں ہماری معیشت کے لیے ایسی شہ رگ کی حیثیت رکھتی ہیں جو سمندری تجارت کو خشکی کے راستوں سے جوڑتی ہیں۔ لیکن افسوس کا مقام یہ ہے کہ ماضی کی ناقص منصوبہ بندی، پرانے نظام، سست رفتار کسٹمز کلیئرنس اور بدعنوانی کی وجہ سے ہماری یہ شاندار بندرگاہیں اپنی اصل گنجائش کے پچاس فیصد سے بھی کم پر کام کر رہی ہیں۔ جہاں ہمیں دنیا کے لیے ایک بڑا تجارتی مرکز ہونا چاہیے تھا، وہاں ہم پڑوسی ممالک سے پیچھے رہ گئے۔ کراچی پورٹ کی مثال ہی لے لیجیے۔ یہ بندرگاہ مستقبل کی تمام تجارتی ضروریات کو پورا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے، لیکن چونکہ اب یہ شہر کے بالکل بیچوں بیچ آ چکی ہے، اس لیے وہاں سے مال بردار گاڑیوں کی آمد و رفت شدید ٹریفک جام کا سبب بنتی ہے۔ بندرگاہ پر سامان پڑا رہتا ہے، جس سے نہ صرف وقت ضائع ہوتا ہے بلکہ اخراجات بھی بڑھ جاتے ہیں۔ اسی طرح دنیا اب "سمارٹ پورٹس" کی طرف جا رہی ہے، جبکہ ہمارے ہاں پرانے طریقوں کی وجہ سے بڑے بڑے بحری جہاز یہاں آنے سے کتراتے ہیں۔ سب سے بڑا المیہ یہ رہا کہ ہماری بندرگاہیں ایک دوسرے کا ساتھ دینے کے بجائے آپس میں ہی مقابلے بازی میں لگ گئیں، جس کا سب سے زیادہ نقصان گوادر پورٹ کو ہوا اور ہم اس کے تزویراتی فائدے سے محروم رہے۔

پاکستان کے میری ٹائم سیکٹر میں چھائے اس جمود کو توڑنے کے لیے وزیراعظم کی "میری ٹائم ٹاسک فورس" نے ایک جامع اور انقلابی مہم کا آغاز کیا۔ اس ٹاسک فورس کی سفارشات پر عمل درآمد کے لیے دسمبر 2024ء میں ایک اعلیٰ اختیاراتی "اصلاحاتی عمل درآمد کمیٹی" قائم کی گئی تھی۔ اس کمیٹی میں کسی ایک محکمے کے لوگ نہیں، بلکہ وزارتِ دفاع، نیشنل لاجسٹکس کارپوریشن (NLC)، لاجسٹکس اور سمندری امور کے چوٹی کے ماہرین اور متعلقہ اداروں کے نمائندے شامل کیے گئے۔ اس کمیٹی کا مقصد یہ تھا کہ ان تمام ساختی اور انتظامی خامیوں کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے جنہوں نے پاکستان کی معیشت کو یرغمال بنا رکھا تھا۔ حالیہ دنوں میں سامنے آنے والی سرکاری رپورٹ کے مطابق اس کمیٹی نے ایک ناقابل یقین کارنامہ سرانجام دیا ہے۔ ٹاسک فورس کی طرف سے منظور کردہ 99 بڑے اصلاحاتی اقدامات میں سے 85 اقدامات پر سو فیصد عمل درآمد مکمل کر لیا گیا ہے، جبکہ 11 اصلاحات اپنے آخری مراحل میں ہیں اور محض 3 ایسے طویل المدتی منصوبے ہیں جن پر مستقل حکمت عملی کے تحت کام جاری ہے۔ یہ پچھلی کئی صدیوں میں پاکستان کے سمندری شعبے میں کی جانے والی سب سے بڑی اور تیز ترین اصلاحاتی مہم ہے۔

اس اصلاحاتی مہم کے تحت جو سب سے پہلا اور اہم کام کیا گیا، وہ "نیشنل پورٹس ماسٹر پلان" کی تیاری ہے۔ اب ہماری بندرگاہیں ایک دوسرے کے خلاف بلاوجہ مقابلہ نہیں کریں گی، بلکہ پلان کے تحت یہ طے کر دیا گیا ہے کہ کس بندرگاہ نے کس شعبے پر توجہ دینی ہے اور اسے کس طرح جدید بنانا ہے۔ تمام بندرگاہوں کے ٹیرف کو یکساں اور معیاری بنا دیا گیا ہے تاکہ تاجروں کو کسی قسم کا ابہام نہ ہو۔ سب سے انقلابی تبدیلی ڈیجیٹلائزیشن کے میدان میں آئی ہے۔ اب وہ وقت جا چکا جب کسٹمز افسران کے سامنے کاغذوں کے ڈھیر لگے ہوتے تھے۔ حکومت نے "پاکستان سنگل ونڈو" کے اہم ترین ماڈیولز کو نافذ کر دیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ انٹرپرائز ریسورس پلاننگ سسٹمز اور ویسل ٹریفک مینجمنٹ سسٹمز کو فعال کر دیا گیا ہے۔ اب بزنس ایکسچینج ڈیش بورڈز کے ذریعے اعلیٰ حکام لائیو دیکھ سکتے ہیں کہ کس ٹرمینل پر کیا کام ہو رہا ہے۔ ان ڈیجیٹل اصلاحات کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا ہے کہ اب فنانشل ٹرانزیکشنز ڈیجیٹل ہو چکی ہیں اور کنٹینرز کی ریئل ٹائم ٹریکنگ ممکن ہو گئی ہے۔ تاجر اپنے دفتر میں بیٹھ کر دیکھ سکتا ہے کہ اس کا سامان کہاں پہنچا۔ اس سے نہ صرف بندرگاہوں پر سامان کے رکنے کا وقت آدھے سے بھی کم رہ گیا ہے، بلکہ انسانی مداخلت ختم ہونے سے کسٹم کلیئرنس میں بدعنوانی اور رشوت ستانی کے راستے بھی بند ہو گئے ہیں۔ کسٹمز کے پرانے ''WeBOC'' سسٹم کو بھی مکمل طور پر نئے سرے سے تیار کیا جا رہا ہے، جو جلد ہی نافذ العمل ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ کراچی پورٹ ٹرسٹ، پورٹ قاسم اور گوادر پورٹ کا تھرڈ پارٹی سے کارکردگی کا آڈٹ کروایا گیا ہے تاکہ کسی بھی قسم کی کوتاہی کی گنجائش نہ رہے۔

وزیراعظم کی ٹاسک فورس کی یہ اصلاحاتی مہم صرف بندرگاہوں تک محدود نہیں، بلکہ اس کا دائرہ کار پورے میرین سیکٹر پر پھیلا ہوا ہے۔ کسٹمز قوانین اور بینک گارنٹی کی شرائط آسان ہونے سے پاکستان اب دنیا کی بڑی شپنگ کمپنیوں کے لیے ''ٹرانزٹ اور ٹرانس شپمنٹ حب'' بن رہا ہے، جس سے غیر ملکی کمپنیوں کا اعتماد بحال ہوا ہے۔ اس کے ساتھ ہی، قومی شپنگ کمپنی (PNSC) کے بیڑے کو جدید بنا کر نئے مال بردار جہاز خریدے جا رہے ہیں اور پاکستانی ملاحوں کو ٹیکس میں ریلیف دیا گیا ہے۔ ایک اور تاریخی کامیابی گڈانی Recycling Ship کی صنعت کا آٹھ سال بعد دوبارہ احیاء ہے، جواب عالمی قوانین کے تحت ہزاروں خاندانوں کو روزگار فراہم کرے گی۔ مزید برآں، غیر ملکی ٹھیکیداروں پر انحصار ختم کرنے کے لیے "نیشنل ڈریجنگ اینڈ میرین سروسز" قائم کر دی گئی ہے جو سمندری راستوں کی صفائی خود کرے گی، جبکہ ماہی گیری کے شعبے میں پانچ سالہ پلان کے تحت جھینگا فارمنگ اور جدید کولڈ چین انفراسٹرکچر پر کام شروع کر دیا گیا ہے تاکہ سی فوڈ کی برآمدات بڑھا کر ملک کے لیے بھاری زرمبادلہ کمایا جا سکے۔

اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ ان انقلابی اقدامات کی بدولت میری ٹائم سیکٹر میں پاکستان کا عالمی درجہ 30 فیصد بلندی کے ساتھ اب 69 ویں نمبر پر آ چکا ہے، جبکہ پورٹ قاسم دنیا کی پانچ بہترین عالمی بندرگاہوں میں شامل ہو گئی ہے۔ کسٹمز کے نظام میں کی جانے والی اصلاحات کے تحت بندرگاہوں پر ''فیس لیس''، یعنی بغیر کسی انسانی مداخلت کے آن لائن ڈیوٹی ٹیکس وصولی کا نظام سے سرکاری ریونیو میں 16 فیصد کا شاندار اضافہ ریکارڈ ہوا ہے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ کسٹمز کلیئرنس کا دورانیہ دو تہائی حد تک کم ہو کر اب محض 18 گھنٹے پر آ گیا ہے اور بندرگاہوں پر اضافی 50 ہزار کنٹینرز سنبھالنے کی گنجائش پیدا ہو چکی ہے۔ مزید برآں، بڑے بحری جہازوں کو ایندھن کی فراہمی کے قواعد و ضوابط وضع ہونے اور بجٹ میں شپ بلڈنگ کے سامان پر سیلز ٹیکس اور کسٹمز ڈیوٹی کے خاتمے سے اب دنیا کے بڑے تجارتی بحری جہازوں کا پاکستان کا رخ کرنا ناگزیر ہو گیا ہے، جو ہمیں وسطی ایشیا کی معاشی شاہراہ کا حقیقی محور بنانے کی طرف ایک فیصلہ کن قدم ہے۔

وزیراعظم کی میری ٹائم ٹاسک فورس اور اصلاحاتی کمیٹی نے معیشت کی اس بند شہ رگ کو کھول کر پاکستان کو ایک نئی زندگی دی ہے۔ 85 فیصد کام کا مکمل ہونا بلاشبہ ایک شاندار تاریخی کامیابی ہے

دنیا اُنہی لوگوں کو یاد رکھتی ہے جو کوشش کرتے ہیں

دنیا کی تاریخ پر نظر ڈالی جائے تو ایک حقیقت بالکل واضح نظر آتی ہے کہ عزت، شہرت اور کامیابی اُنہی لوگوں کے حصے میں آئی ہے جنہوں نے اپنی زندگی میں محنت، جدوجہد اور مسلسل کوشش کو اپنا معمول بنایا۔ زندگی میں کوئی بھی بڑا مقصد بغیر کوشش کے حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ جو لوگ ناکامیوں، مشکلات اور رکاوٹوں سے نہیں گھبراتے اور ہر بار نئے عزم کے ساتھ آگے بڑھتے ہیں، وہی تاریخ کا رخ موڑ دیتے ہیں۔ انسانی تاریخ کے ہر دور میں وہی لوگ امر ہوئے ہیں جنہوں نے مشکل حالات کا مقابلہ کر کے اپنی منزل حاصل کی۔

اسلام بھی انسان کو محنت، جدوجہد اور امید کا درس دیتا ہے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے: "اور انسان کے لیے وہی ہے جس کی اس نے کوشش کی۔" (سورۃ النجم: 39)۔ اس آیت سے واضح ہوتا ہے کہ انسان کی کامیابی، ترقی اور عزت کا دارومدار اس کی کوششوں پر ہے۔ نبی کریمؐ کی پوری زندگی بھی ثابت قدمی، صبر اور مسلسل جدوجہد کی عظیم مثال ہے۔ اسلام انسان کو مایوسی کے بجائے امید، عمل اور محنت کا پیغام دیتا ہے۔

دنیا کی عظیم شخصیات کی زندگی کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ کامیابی کسی کو آسانی سے نہیں ملی۔ امریکہ کے سابق صدر ابراہام لنکن نے اپنی زندگی میں بے شمار ناکامیوں کا سامنا کیا۔ انہوں نے کاروبار میں نقصان اٹھایا، کئی انتخابات ہارے اور متعدد ذاتی مشکلات سے گزرے، لیکن کبھی ہمت نہیں ہاری۔ بالآخر وہ امریکہ کے صدر بنے اور غلامی کے خاتمے جیسا تاریخی کارنامہ انجام دیا۔ لنکن کی زندگی ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ عارضی ناکامیاں انسان کی تقدیر کا فیصلہ نہیں کرتیں۔

اسی طرح جنوبی افریقہ کے عظیم رہنما نیلسن منڈیلا نے 27 سال جیل میں گزارنے کے باوجود اپنے مقصد سے دستبردار ہونے سے انکار کر دیا۔ انہوں نے نسل پرستی اور ناانصافی کے خلاف اپنی جدوجہد جاری رکھی۔ ان کی ثابت قدمی کے نتیجے میں نہ صرف نسلی امتیاز کا نظام ختم ہوا بلکہ وہ اپنے ملک کے صدر بھی بنے۔ منڈیلا کا مشہور قول ہے: "میں کبھی ہارتا نہیں، یا تو جیتتا ہوں یا سیکھتا ہوں۔" ان کی زندگی اس بات کا ثبوت ہے کہ عظیم مقاصد کیلئے طویل جدوجہد کی ضرورت ہوتی ہے۔

سائنس کی دنیا میں تھامس ایڈیسن کی مثال نہایت اہم ہے۔ بجلی کا بلب ایجاد کرنے کے لیے انہوں نے ہزاروں ناکام تجربات کیے۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ آپ ہزار بار ناکام ہوئے، تو انہوں نے جواب دیا: "میں ناکام نہیں ہوا، میں نے صرف ایسے ہزار طریقے دریافت کیے جو کام نہیں کرتے۔" یہی سوچ انسان کو کامیابی کی راہ پر گامزن کرتی ہے۔ ایڈیسن کی زندگی نوجوانوں کے لیے یہ پیغام ہے کہ ناکامی دراصل سیکھنے کا ایک نیا موقع ہوتی ہے۔

کاروباری دنیا میں جیک ما کی مثال بھی قابلِ ذکر ہے۔ انہیں کئی ملازمتوں کے لیے مسترد کر دیا گیا، یہاں تک کہ ایک فاسٹ فوڈ کمپنی نے بھی انہیں ملازمت دینے سے انکار کر دیا۔ لیکن انہوں نے مایوسی کو اپنی تقدیر نہیں بنایا۔ مسلسل محنت اور جدوجہد کے ذریعے انہوں نے "علی بابا" جیسی عالمی کمپنی قائم کی، جو آج دنیا کی بڑی ای کامرس کمپنیوں میں شمار ہوتی ہے۔ ان کی کامیابی اس بات کا ثبوت ہے کہ محدود وسائل بھی عظیم خوابوں کی راہ میں رکاوٹ نہیں بنتے۔

نفسیات کی معروف ماہر اینجلا ڈک ورتھ (Duckworth Angela) اپنی کتاب Grit میں لکھتی ہیں کہ انسان کی کامیابی کا راز صرف ذہانت میں نہیں بلکہ ثابت قدمی، محنت اور طویل عرصے تک اپنے مقصد سے وابستگی میں پوشیدہ ہے۔ ان کی تحقیق کے مطابق وہ لوگ زیادہ کامیاب ہوتے ہیں جو ناکامیوں کے باوجود اپنی کوششیں جاری رکھتے ہیں۔

سماجیات کے نامور ماہر میکس ویبر (Max Weber) محنت، نظم و ضبط اور ذمہ داری کو سماجی ترقی کے بنیادی عناصر قرار دیتے ہیں۔ ان کے مطابق وہ قومیں زیادہ ترقی کرتی ہیں جو محنت کرنے والوں کی عزت کرتی ہیں اور انہیں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔ ترقی یافتہ معاشروں میں محنت کو بڑی اہمیت حاصل ہوتی ہے، جس کے نتیجے میں معاشی اور سماجی ترقی ممکن ہوتی ہے۔

معاشیات کے بانی ایڈم اسمتھ (Adam Smith) نے اپنی مشہور کتاب The NationsofWealth میں محنت کو قومی دولت اور معاشی ترقی کا بنیادی ذریعہ قرار دیا ہے۔ ان کے مطابق کسی بھی قوم کی ترقی قدرتی وسائل کے ساتھ ساتھ انسانی محنت، مہارت اور پیداواری صلاحیت پر منحصر ہوتی ہے۔ آج بھی دنیا کی کامیاب معیشتیں اپنے انسانی وسائل اور محنتی افرادی قوت کی بدولت ترقی کر رہی ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ زندگی میں عزت، شہرت اور کامیابی کسی کو ورثے میں نہیں ملتیں۔ یہ سب محنت، صبر، عزم اور مسلسل جدوجہد کا نتیجہ ہوتی ہیں۔ تاریخ کے صفحات گواہ ہیں کہ دنیا کو بدلنے والے وہی لوگ تھے جنہوں نے مشکل حالات کے باوجود اپنے مقصد کو نہیں چھوڑا۔ انہوں نے اپنے عمل سے ثابت کیا کہ انسان کی اصل پہچان اس کی کوشش، ہمت اور جدوجہد ہے۔ ایسے لوگ ناکامیوں کو اپنی کمزوری نہیں بلکہ سیکھنے اور آگے بڑھنے کا موقع سمجھتے ہیں، اور حالات کا شکار بننے کے بجائے انہیں اپنے حق میں بدلنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

آج کی نوجوان نسل کے لیے سب سے اہم پیغام یہ ہے کہ ناکامی سے گھبرایا نہ جائے، کیونکہ یہ کامیابی کی طرف جانے والے سفر کا ایک لازمی مرحلہ ہے۔ اگر انسان اپنے مقصد پر یقین رکھے، محنت جاری رکھے اور سیکھنے کا عمل نہ چھوڑے تو کامیابی دیر سے سہی، مگر ضرور اس کے دروازے پر دستک دیتی ہے۔

☆☆☆☆☆

غربت کا خاتمہ کیسے ممکن ہے؟

تحریر محمد یونس عمرانی

غربت صرف ایک فرد یا ایک خاندان کا مسئلہ نہیں بلکہ پوری قوم کی ترقی میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ جب لاکھوں لوگ بنیادی ضروریاتِ زندگی، جیسے خوراک، تعلیم، صحت اور رہائش سے محروم ہوں تو معاشی ترقی کے دعوے اپنی اہمیت کھو دیتے ہیں۔ غربت کا خاتمہ صرف نعروں سے نہیں بلکہ عملی اقدامات، دیانت دار قیادت اور مؤثر پالیسیوں سے ممکن ہے۔ سب سے پہلے روزگار کے مواقع پیدا کرنا ضروری ہے۔ جب نوجوانوں کو میرٹ کی بنیاد پر ملازمتیں ملیں گی، صنعتیں ترقی کریں گی، زراعت کو فروغ ملے گا اور چھوٹے کاروباروں کی حوصلہ افزائی ہوگی تو بے روزگاری کم ہوگی اور غربت میں بھی نمایاں کمی آئے گی۔ تعلیم غربت کے خاتمے کا سب سے طاقتور ذریعہ ہے۔ ایک تعلیم یافتہ قوم نہ صرف بہتر روزگار حاصل کرتی ہے بلکہ اپنے حقوق، ذمہ داریوں اور ترقی کے مواقع سے بھی آگاہ ہوتی ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ ہر بچے کو معیاری اور مفت تعلیم کی سہولت فراہم کرے تاکہ کوئی بھی بچہ صرف غربت کی وجہ سے تعلیم سے محروم نہ رہے۔ صحت کی بہتر سہولیات بھی غربت کے خاتمے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

غریب خاندان اپنی آمدنی کا بڑا حصہ علاج پر خرچ کرتے ہیں۔ اگر سرکاری ہسپتالوں میں معیاری اور مفت طبی سہولیات میسر ہوں تو ان پر مالی بوجھ کم ہوگا اور وہ اپنی آمدنی کو بہتر انداز میں استعمال کر سکیں گے۔ کرپشن اور بدعنوانی بھی غربت کی بڑی وجوہات میں شامل ہیں۔ جب ترقیاتی منصوبوں کے فنڈز میں خرد برد ہو یا وسائل چند افراد تک محدود رہ جائیں تو غریب مزید غریب ہوتا چلا جاتا ہے۔ شفاف احتساب، قانون کی بالادستی اور وسائل کی منصفانہ تقسیم سے ہی عوام کا اعتماد بحال ہو سکتا ہے۔ کسان، مزدور اور چھوٹے کاروباری افراد کسی بھی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہوتے ہیں۔ اگر انہیں مناسب قیمت، آسان قرضے، جدید سہولیات اور حکومتی سرپرستی فراہم کی جائے تو نہ صرف ان کی زندگی بہتر ہوگی بلکہ ملکی معیشت بھی مضبوط ہوگی۔ معاشرے کے خوشحال طبقے کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ ضرورت مند افراد کی مدد کریں، زکوٰۃ، صدقات اور فلاحی سرگرمیوں کے ذریعے غریب خاندانوں کا سہارا بنیں۔ ایک باہمی تعاون پر مبنی معاشرہ غربت کے اثرات کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ غربت کا خاتمہ ایک دن میں ممکن نہیں، لیکن اگر حکومت، نجی شعبہ، سماجی ادارے اور عوام اپنی اپنی ذمہ داریاں دیانت داری سے ادا کریں، میرٹ کو فروغ دیا جائے، تعلیم اور روزگار کو ترجیح دی جائے اور کرپشن کا خاتمہ کیا جائے تو وہ دن دور نہیں جب ہر شہری باعزت روزگار، دو وقت کی روٹی، مناسب رہائش اور بہتر مستقبل کا خواب حقیقت بنتا دیکھے گا۔ یہی ایک خوشحال، مضبوط اور ترقی یافتہ پاکستان کی بنیاد ہے۔

☆☆☆☆

سندھ و دیگر صوبوں کی 16 معصوم انسانی جانوں کی بازیابی کب ہوگی؟

تحریر: عبدالفتاح عطاری

سندھ اور پنجاب کے بارڈر پر واقع ببرلوء روڈ پر لگائے گئے احتجاجی کیمپ پر سندھ کی باضمیر بیٹی سوہنی پارس کو مبارکباد پیش کرتے ہیں جنہوں نے اس جھلستی ہوئی سخت ترین گرمی میں سرزمین سندھ اور پنجاب سے لاپتہ اور اغوا ہونے والے 16 معصوم بچوں کی بازیابی کے لیے دن رات کوشاں ہے، ببرلوئی احتجاجی دھرنے کی پہلی کامیابی یہ ہے کہ سکھر سے لاپتہ معصوم بچہ وہاں کیمپ میں مل گیا، ببرلوئی احتجاجی کیمپ سندھ کے روہڑی سکھر سے پانچ سال قبل اغوا ہونے والی معصوم بچی پریا کماری، اجالا سولنگی، صبا کلھوڑا اور دیگر معصوم بچوں کی بازیابی کے لیے لگائی گئی ہے، اس احتجاجی کیمپ میں تمام باشعور اور باضمیر وکیل ساتھیوں، اساتذہ، طلبہ، ہندو برادری، تاجر، کارکنان، سیاسی کارکنان، کسان اور ہر شعبے سے تعلق رکھنے والوں سے گزارش ہے کہ وہ اس احتجاجی کیمپ میں شرکت کریں۔ معصوم پریا کماری سمیت معصوم بچوں کی بازیابی کے لیے سندھ اور پنجاب کے بارڈر ببرا کی زمین پر لگائے گئے احتجاج کو آج 16 دن مکمل ہو گئے۔ ان میں سے 15% لوگ بھی احتجاج میں شامل نہیں ہو سکے جو کہ انتہائی افسوسناک ہے۔ یہ قوم اپنے حقوق کے لیے نہیں نکلی بلکہ اپنے بچوں کی بازیابی کے لیے سڑکوں پر بھی نکلی ہے۔ عوام کی یہ صورتحال دیکھ کر سندھ حکومت کا کوئی نمائندہ یا کوئی اعلیٰ پولیس افسر احتجاج میں شامل ہونے نہیں آیا۔ خدا کرے کہ بے گناہوں کی بازیابی کے لیے ہونے والے احتجاج میں شریک ہو کر احتجاج کو مزید تقویت دے تاکہ تمام بے گناہوں کو بازیاب کرایا جا سکے۔ پریا کماری تمہارا جرم یہ ہے کہ تم سندھ سے ہو۔ اگر آپ اقتدار میں کسی کی بیٹی ہوتیں تو آج سندھ اسمبلی سے لے کر وفاقی اسمبلی تک آپ کو مشکلات سے نکالنے کیلئے کئی وزراء کیمپ میں بیٹھے ہوئے نظر آتے، کئی لیڈرز کانفرنسیں کرتے اور ماتم کرتے نظر آئے ہوتے، لیکن آپ ان اقتدار پرستوں کی بیٹی نہیں ہوں۔ جی ہاں، آپ سندھ کے رہنے والی ہو اور ہمارے درد کی فریاد اقتدار والوں کو کوئی فرق نہیں پڑتا۔ پریا کماری گمشدگی کیس میں اہم پیش رفت کیا ہوئی، ڈی آئی جی سکھر نے محکمہ داخلہ کو نئی مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) بنانے کی سفارش پھر سے پانچ سال کے بعد نئے سرے سے کر دی۔ لاپتہ ہندو لڑکی پریا کماری کے اغوا اور گمشدگی کے کیس میں اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ ڈی آئی جی سکھر نے رینج ہوم ڈیپارٹمنٹ سندھ کو خط لکھ کر کیس کی مزید موثر تحقیقات کے لیے نئی جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم (جے آئی ٹی) بنانے کی سفارش کی ہے۔ خط کے مطابق پریا کماری 19 اگست 2021 سے لاپتہ ہیں اور ان کی بازیابی کے لیے پہلے سے تشکیل دی گئی تحقیقاتی ٹیم اور پولیس کی تمام کوششیں اب تک کامیاب نہیں ہو سکیں۔ اس لیے اس کیس کی نئے سرے سے تحقیقات کے لیے اعلیٰ سطحی جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم بنانے کی تجویز دی گئی ہے۔ ایم آئی، آئی ایس آئی، آئی بی اور رینجرز انٹیلی جنس کے نمائندوں کو بھی شامل کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ ڈی آئی جی سکھر رینج کے مطابق نئی جے آئی ٹی کی سربراہی ڈی آئی جی سکھر کریں گے جب کہ ایس ایس پیز اور دیگر متعلقہ افسران کو بھی ٹیم کا حصہ بنایا جائے گا۔ معصوم بچوں اور بچیوں پریا کماری، اُجالا سولنگی، مومن لانگاہ، زینب اور فضا، خوشی مہر، نوید لاشاری، سونیا کھوسو، صبا کلھوڑو، علی اصغر منگریو، ماجد لاشاری، فاطمہ مغل، فاطمہ تیونو سمیت 15 انسانی جانوں کے اغوا اور لاپتہ ہونے کا معاملہ قابل مذمت ہے۔ ان کی بازیابی کے لیے جدید اور مشترکہ حکمت عملی کے تحت تحقیقات کو آگے بڑھایا جا سکتا ہے۔ بلو کے دھرنے میں وکلاء کی کمی محسوس کی جا رہی ہے بالخصوص کراچی میں ایڈووکیٹ عامر وڑائچ، ایڈووکیٹ محمد خان شیخ، اسلام آباد روہڑی کے ایڈووکیٹ سہیل میمن، حیدر آباد کے ایڈووکیٹ لغاری، ایڈووکیٹ شر، لاڑکانہ کے ایڈووکیٹ سولنگی، سکھر کے ایڈووکیٹ سید جعفر شاہ سمیت سندھ بھر کے معروف وکلاء نے شرکت کی۔ یہ معاملہ سندھ کی ایک خوبصورت لڑکی سوہنی پارس کا ہے جس نے اپنے شوہر کو دکھایا ہے کہ وہ اپنے بچوں کی دیکھ بھال کیسے کرتی ہے۔

بلو دھرنا سندھ کے ضمیر سے اپیل کر رہا ہے کہ وہ بلو کی احتجاجی تحریک میں بھرپور شرکت کے لیے نکلیں اور ہماری قوم کے مستقبل کے معمار بچوں کے تحفظ کے لیے انا الحق کا نعرہ بلند کریں۔ پھر، آپ دیکھیں گے کہ رکاوٹیں دور ہو جائیں گی اور سچائی ضرور غالب ہوگی۔

بلو کا احتجاجی دھرنا، مغوی بچوں کی بازیابی کی تحریک

سندھ کے باسی، پریا کماری کے والد سمیت ان 15 معصوموں کے والدین کا ساتھ دیں۔ بلو سرحد پر پہنچ گیا، سندھ سے مبینہ طور پر لاپتہ اور اغوا ہونے والے بچوں کی تعداد 15 تک پہنچ گئی، بلو میں لگایا گیا احتجاجی کیمپ ایک بڑی تحریک میں تبدیل ہو گیا، خیبر پختونخوا اور بلوچستان سے سندھ تک سینکڑوں مسلح افراد نے کھلے عام جدید ترین اسلحے کی نمائش کی جو وہ سندھ لائے تھے، روندتے ہوئے اور خلاف ورزی کرنے والے کسی بھی صوبے یا صوبے کے کسی بھی شہر پر ایسا حملہ کیا ہے، یہ ثابت کیا جائے گا پورے صوبے کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو کھلا چیلنج، اگر سندھ پر بھی حملہ ہوا تو دوسرا صوبہ بنا دیا جائے، لیکن اپنے ہی صوبے سندھ کی انتظامیہ سب سے زیادہ خوفزدہ ہو کر اپنے ہی لوگوں کو گرفتار کرنا شروع کر دے گی۔ دوسرے صوبوں کے جدید مسلح افراد کو سندھ پر حملہ کرنے کی اجازت کیوں ہے؟ کیا دیا گیا؟، اس سے نہ صرف سندھ کی سندھی قوم بلکہ سندھ میں بسنے والے بلوچ، پنجابی، اردو بولنے والے، سرائیکی عوام کو بھی غیر محفوظ محسوس کیا گیا، بلکہ پختون قوم خود کو غیر محفوظ سمجھنے لگی۔ اب یہ لشکر کشی کی ریہرسل باقی ملک میں جاری تھی، جو کچھ بھی ہو گیا۔ اگر سندھ سے اغوا ہونے والی معصوم بچیوں پریا کماری، اجالا سولنگی، فضیلہ سرکی اور کون جانے کتنی بچیوں کو بچانے کے لیے کچھ لوگ خالی ہاتھ گئے ہوتے تو یہاں بھی ان خالی ہاتھ شہریوں کے خلاف دہشت گردی ایکٹ کے مقدمات اور ایف آئی آر درج ہو چکی ہوتیں۔ تو جن لوگوں نے دادا جان کی تمام مثالیں جدید ہتھیاروں کے ساتھ سفاکانہ انداز میں دکھائیں ان کو کیا سزا ملے گی؟، ہم سندھی قوم سب سے پہلے لڑکیوں، ماؤں، بہنوں اور عورتوں کی عزت کرتے ہیں۔ یہ بدمعاش، کسی قسم کے لوگ خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہے تھے، لیکن یہ لڑکیوں کو اغوا کر رہے ہیں، یہ انسانیت کہلانے کے بھی لائق نہیں۔ پہلے ہم پرو چانڈیو اور اس کے گینگ کے ڈاکوؤں کے بارے میں سنتے تھے کہ وہ سندھ کی لڑکیوں اور خواتین کی بہت عزت کرتے ہیں۔ اغوا کہیں سے بھی دور کی بات ہے لیکن یہ ڈاکو اپنی لوٹ مار کے دوران نوجوان خواتین کو بسوں، ویگنوں اور دیگر گاڑیوں کے کنارے کھڑا کر دیتے اور معافی کی بھیک مانگتے ہوئے فریاد کرتے۔ وہ ڈاکو تھے لیکن نوجوان خواتین کو اغوا کرنے والے بڑے بڑے لوگوں کے کرائے کے ہاتھ ہیں۔ یہ مرد ہی ہیں جو سندھ کی بے پردہ عورتوں کی حفاظت کر رہے ہیں۔

ہمارے ملک میں سیاہ و سفید کی رسم، قبائلی جھگڑے اور لوٹ مار کا کلچر کس کے ساتھ چل رہا ہے؟ اور کون ان کا ساتھ دے رہا ہے؟ اگر سندھ کے شہروں میں بازاروں اور بازاروں کے درمیان سے مسلح افراد لوگوں کو اغوا کر لیتے ہیں تو تھانوں کے قیام کا مقصد کیا ہے؟

جیلیں اکثر بے گناہ لوگوں سے بھری ہوتی ہیں لیکن اصل مجرم، جرائم کرنے والے قاتل کھلے عام ہتھیاروں کی نمائش کرتے ہیں۔ موسیقی، رقص، موسیقی کا پروگرام ہو تو شراب، کباب اور جدید ہتھیاروں کی نمائش کیسے ہو سکتی ہے۔ ان کے بارے میں کوئی قانون نافذ کرنے والا ادارہ خاموش نہیں۔ قانون کووں کے بانگ دینے کی اجازت نہیں دیتا، اس خوبصورت لان کا کیا بنے گا؟ عید کی خوشیاں اور نئے کپڑے، عید کے کھانے اور دیگر عید کی اشیا کی خرید و فروخت ہر طرف ہو رہی ہے لیکن ہر بار کی طرح اس بار بھی جون 2026 میں عید الاضحی کے مبارک موقع پر معصوم بچی پریا کماری کے گھر کی خوشیاں بحال نہ ہو سکیں۔

سندھ سے معصوم بچی پریا کماری کے اغوا کی خبر، معصوم بچی کی ماں کی آہیں اور چیخیں نہ صرف ہمارے نظام میں ندامت اور غصہ اور غصے کا باعث بنتی ہیں بلکہ آخر کار پانچ سال قبل روہڑی سے معصوم بچی پریا کماری کو کس قسم کے جن کہلانے والے درندوں نے اغوا کر لیا تھا، جس نے معصوم بچی پر یہ کماری کو خاموشی کا احساس دلاتے ہوئے اسے اپنے اندر چھین لیا تھا۔ فضیلہ سرکی کی گمشدگی برسوں گزرنے کے باوجود پولیس کو یہ ضرور معلوم ہونا چاہیے کہ معصوم بچی پریا کماری کو کہاں سے اغوا کیا گیا اور کون کون سے ڈاکو اور کالی بھیڑیں ملوث ہیں۔ پوری دنیا جانتی ہے کہ پاکستان کے ادارے کتنے طاقتور ہیں۔ کیا معصوم بچے پریا کماری کو ڈھونڈنا اور بازیافت کرنا کوئی مسئلہ ہے؟ لیکن یقیناً انہیں ڈاکوؤں سے بھی بڑا مسئلہ درپیش ہے۔ تمام ایس ایچ اوز/ ڈی ایس پیز/ ایس ایس پیز/ ڈی آئی جیز نے اپنا کام کیا ہے لیکن آئی جی سندھ کی خاموشی بھی حیران کن ہے۔ اب آئی جی سندھ پولیس محترم جاوید عالم اوڈھو ہیں۔ انشاء اللہ سندھ حکومت سندھ کی معصوم بچی کی بازیابی کے لیے فوری طور پر ہائی الرٹ ہو جائے گی اور اپنے تمام کاموں سے زیادہ اہمیت کی بنیاد پر سندھ کی معصوم بچی پریا کماری کی بازیابی کے لیے اقدامات کرے گی اور یہ دکھائے گی کہ سندھ کے عوام واقعی باخبر ہیں کہ سندھ پولیس اور تعینات سندھ رینجرز خود کو منانا جانتے ہیں۔ کیونکہ بدقسمتی سے اس وقت میرا اور آپ کی مادر وطن سندھ بدامنی کا شکار ہے اور اغواء اور لوٹ مار، موٹر سائیکل چوری، اغواء، اور لوگوں کا خون میں نہلانا ایک معمول بن چکا ہے۔ ایسے حالات میں نئے آئی جی سندھ پولیس جاوید عالم اوڈھو کے لیے یہ کسی بڑے چیلنج سے کم نہیں۔ امید ہے کہ اللہ رب العالمین کے فضل و کرم سے سندھ ایک بار پھر پیار، پیار اور محبت کا تاریخی مقام ثابت ہوگا۔ سندھ کے کرپٹ کلچر کو ختم کرنے کے لیے بغیر کسی رکاوٹ کے اور بغیر کسی ہچکچاہٹ کے ایک مضبوط آپریشن کیا جائے، پولیس کے اندر سے کسی بھی متعصب، بدمعاش یا کالی بھیڑوں کا خاتمہ کیا جائے تاکہ سندھ سکون کی سانس لے اور ہماری کوئی بھی معصوم بچی پریا کماری کسی وحشی درندے کے ہتھے نہ چڑھ سکے۔ بچی کی بازیابی کے لیے ہندو اور مسلمان سمیت تمام طبقات سندھ کے ہر گھر میں دعائیں مانگ رہے ہیں کہ اے اللہ معصوم بچی پریا کماری اور دیگر مغوی بچیوں کو بازیاب کر کے ان کے گھروں کو لوٹا دے جس طرح پریا کماری، فضیلہ سرکی، اُجالا سولنگی اور دیگر کے گھروں میں خوشیاں لوٹ آئیں۔ آج اُجالا سولنگی، فضیلہ سرکی اور پریا کماری کی عدم واپسی سے نہ صرف ان مغوی بچیوں کے گھروں میں غم و غصہ کی لہر دوڑ گئی ہے بلکہ سندھ کے ہر گھر میں معصوم بچوں کی بازیابی کے لیے آواز بلند ہوئی ہے۔ سندھ کی معصوم بچیوں کی بازیابی کے لیے سندھ کے ہر گاؤں، شہر، شہر میں احتجاجی مظاہرے کیے گئے، لیکن اقتدار والوں کے دعوے "ہاں، ہاں" کیے جا رہے ہیں، لیکن سندھ کی رانی، سندھ کی رانی، بچیوں، مبینہ سرداروں، بڑے بڑے ڈاکوؤں کی خاموشی سمجھ سے بالاتر ہے۔ کسی نے سندھ کے روہڑی سکھر کی زرخیز مٹی کو دیکھا ہے یا کسی شریر درندے نے پریا کماری کے گھر آ کر بچی کو عذاب کا نشانہ بنا کر پورے سندھ کو یرغمال بنانے کی کوشش کی ہے۔ بچیوں کے اغوا نے پورے نظام کو چیلنج کر دیا ہے اور یہ ان تمام سکیورٹی اداروں کے لیے سوالیہ نشان ہے جنہوں نے قومی خزانے کے اربوں روپے خرچ کیے ہیں۔ لڑکیوں کے اغوا کے بعد ڈاکو زمین کھا گئے یا آسمان؟ سندھ کے عوام کو غیر محفوظ بنایا گیا ہے اور دعوے کیے جاتے ہیں کہ ہم نے اتنا کام کیا ہے، ایسے کام کا کیا فائدہ جس میں انسانی جسم کو غیر محفوظ بنایا گیا ہو، ہاں اگر نام نہاد بااثر اور طاقتور بھوتوں کے بچے اس طرح اغوا ہو جائیں تو پورا مشن حرکت میں آ جاتا ہے، لیکن ایک عام شہری کو ان لوگوں سے زیادہ کرپٹ کیوں بنایا گیا ہے جو ان لوگوں سے زیادہ ٹیکس ادا کر رہا ہے۔ غیر محفوظ جب تک سندھ کی معصوم بچیوں کو بازیاب نہیں کیا جاتا، پورے سندھ کے عوام خود کو غیر محفوظ اور غیر یقینی محسوس کر رہے ہیں۔ سندھ کے عوام کا پہلا اور اہم سوال یہ ہے کہ سندھ کی معصوم بچیوں پریا کماری، فضیلہ سرکی اور اُجالا سولنگی کو بازیاب کرایا جائے۔ پریا ایکشن کمیٹی کی جانب سے لگائے گئے کیمپ میں، جس میں اغوا ہونے والے بچوں کے لیے آواز اٹھائی جا رہی ہے، جو دنیا تک پہنچ چکی ہے، کچھ لوگ اس آوارہ بچے کو لے کر آئے، یہ سوچ کر کہ بچہ اس کیمپ میں محفوظ ہے اور ورثا تک بھی پہنچ جائے گا، اور ایسا ہی ہوا۔ سب موبائل پر لائیو ہو گئے اور بچے کی ماں تک یہ خبر پہنچی اور اس نے ہمارے ایک ساتھی کو فون کیا اور بچے نے اپنی ماں سے بات کی اور آ کر پریا کماری کی ٹانگ کو اپنی بانہوں میں لے کر بچے کو ماں کے حوالے کر دیا۔ میں نے اپنے دل سے آواز سنی کہ یہ پریا کا پیغام ہے، میں بھی جلد پہنچ جاؤں گا۔

☆☆☆☆
☆☆

بقیہ 1

کریں۔ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ فریقین اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے تحت اپنے وعدوں کی پاسداری کریں۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ پاکستان مذاکرات اور سفارتکاری کے ذریعے خطے میں دیرپا امن واستحکام کیلئے ہرممکن تعاون جاری رکھنے کے عزم پر قائم ہے۔

بقیہ 2

کے مطابق جواباً ایران کی ان صلاحیتوں کو نشانہ بنایا جارہا ہے جن کے ذریعے وہ آبنائے ہرمز میں آزادانہ طور پر سفر کرنے والے تجارتی اور شہری بحری جہازوں پر حملے کرتا ہے۔سینٹ کام کے بیان میں کہا گیا کہ یہ حملے امریکی صدر کی ہدایت پر کیے جارہے ہیں۔ایرانی میڈیا کے مطابق خندب میں فوجی اڈہ بھی نشانہ بنا، بندرعباس، قشم، سریک، جسک میں دھماکے ہوئے، صوبہ خوزستان کے تین اور بوشہر کے پانچ شہروں میں دھماکے ہوئے۔دریں اثناء جنوبی ایران کے شہر عسلویہ اور بوشہر میں دھماکے سنے گئے ہیں۔ایرانی میڈیا کے مطابق قشم، بندرعباس میں تین اور سیرک میں دو دھماکوں کی اطلاعات ہیں۔دوسری جانب ایرانی فوج کے بریگیڈیئر جنرل محمد اکرمیانیا نے ایک بار پھر امریکا پر زور دیا ہے کہ وہ 16 جون کو تہران اور واشنگٹن کے درمیان طے پانے والی مفاہمتی یادداشت (MoU) کی شرائط پر عمل کرے۔سرکاری نشریاتی ادارے آئی آر آئی بی (IRIB) سے گفتگو کرتے ہوئے بریگیڈیئر جنرل اکرمیانیا نے الزام عائد کیا کہ امریکا نے آبنائے ہرمز میں ایک غیر قانونی راستہ قائم کرنے کی کوشش کر کے خطے میں عدم تحفظ کی صورتحال پیدا کی۔انہوں نے کہا کہ ایرانی مسلح افواج آبنائے ہرمز میں ایرانی عوام کے حقوق کا مضبوطی سے دفاع کریں گی۔بریگیڈیئر جنرل محمد اکرمیانیا نے کہا کہ ایرانی فوج مسلسل اپنے ممکنہ اہداف کی فہرست (بینک آف ٹارگٹس) کو اپ ڈیٹ کررہی ہے۔

بقیہ 3

گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں آخری دہشت گرد کے خاتمے تک پوری قوت، تسلسل اور فیصلہ کن انداز میں جاری رہیں گی۔انہوں نے واضح کیا کہ ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والے عناصر کیلئے بلوچستان کی سرزمین تنگ کردی جائے گی اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کو ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے گا۔اس موقع پر پولیس فورس کے جوانوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو اپنے درمیان پاکر مسرت کا اظہار کیا اور ان کے ہمراہ "پاکستان زندہ باد" کے فلک شگاف نعرے لگائے۔وزیراعلیٰ نے جوانوں کے بلند حوصلے اور جذبہ حب الوطنی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے بہادر سپوت دہشت گردی کے خلاف ریاست کا مضبوط بازو ہیں۔بعدازاں وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہنہ اوڑک سانحے کے شہداء کے اہل خانہ سے ملاقات کی، ان سے اظہار تعزیت کیا، فاتحہ خوانی کی اور شہداء کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی۔انہوں نے لواحقین کو یقین دلایا کہ حکومت بلوچستان ان کے غم میں برابر کی شریک ہے

بقیہ 4

گاڑی پر ڈرون حملہ جبکہ خان یونس میں فائرنگ کر کے 2 فلسطینیوں کو شہید کردیا اور کئی زخمی ہوگئے۔مقبوضہ مغربی کنارے میں بھی اسرائیلی فوج اور اسرائیلی آبادکاروں کی جانب سے فلسطینیوں کی املاک پر حملے کیے گئے جس میں متعدد فلسطینی زخمی ہو گئے جبکہ صیہونی فورسز نے حملہ آوروں کی جگہ تین فلسطینی نوجوانوں کو گرفتار کرلیا۔

بقیہ 5

علاقوں میں 2 لاکھ سے زیادہ افراد پھنسے ہوئے ہیں۔حکام کا کہنا تھا کہ متاثرہ علاقوں میں فوج اور امدادی کارکن امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں لیکن بجلی کی بندش، تباہ شدہ سڑکیں اور منقطع مواصلاتی رابطے امدادی کارروائیوں میں مشکلات کا سبب بن رہے ہیں۔

بقیہ 6

نواف بن سعید احمد المالکی نے ملاقات کی۔اتوار کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے خطے کی تازہ ترین صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اور مکالمے اور سفارت کاری کے فروغ کیلئے مشترکہ کوششوں کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات کو مزید گہرا اور مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا تا کہ دونوں برادر ممالک اس سے بھرپور استفادہ کرسکیں۔

بقیہ 7

ٹیلیفون پر گفتگو کی۔اتوار کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماں نے خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ نے فریقین پر زور دیا کہ وہ جون 2026 کی اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے مطابق کشیدگی میں کمی کی راہ اختیار کریں اور تحمل وضبط کا مظاہرہ کریں۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ تنازعات کے حل اور خطے میں دیرپا امن واستحکام کے قیام کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد مؤثر راستہ ہے۔نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ نے خطے میں امن واستحکام کے فروغ اور اسے برقرار رکھنے کیلئے پاکستان کی جانب سے اپنا تعمیری کردار جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔دونوں رہنماؤں نے باہمی رابطے برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 8

بعض وفاقی وزارتوں کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کیا۔نجی ٹی وی کے مطابق برآمدات میں خاطرخواہ اضافہ نہ ہونے پر وزیراعظم کو تشویش ہے۔ذرائع کے مطابق شہبازشریف نے چاول، آلو اور پھلوں کی برآمدات میں مطلوبہ نتائج حاصل نہ ہونے پر اظہار برہمی بھی کیا۔ذرائع کے مطابق وزارت آبی وسائل کی کارکردگی سے بھی وزیراعظم شہبازشریف غیر مطمئن ہیں، قومی خزانے پر بوجھ کم کرنے کے لیے بعض وزارتوں میں اصلاحات لانے پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ 9

آبنائے ہرمز میں ایرانی عوام کے حقوق کا مضبوطی سے دفاع کریں گی۔بریگیڈیئر جنرل محمد اکرمیانیا نے مزید کہا کہ ایرانی فوج مسلسل اپنے ممکنہ اہداف کی فہرست (بینک آف ٹارگٹس) کو اپ ڈیٹ کررہی ہے۔

بقیہ 10

کے دوران وزیراعظم شہبازشریف کی امیر قطر شیخ تمیم بن حمد آل ثانی سے ملاقات ہوگی۔شہباز شریف قطری قیادت سے سابق امیر کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کریں گے۔ملاقات میں دوطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔دورے میں نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار سمیت دیگر اہم حکومتی شخصیات بھی وزیراعظم کے ہمراہ ہوں گی۔

بقیہ 11

امریکی نشریاتی ادارے سی این این سے گفتگو میں ڈونلڈ ٹرمپ نے دعوی کیا کہ ایران کے ساتھ ایک روز قبل معاہدہ طے پا گیا تھا اور تہران تقریباً تمام مطالبات ماننے پر آمادہ تھا، لیکن 2 گھنٹے بعد ہی ایران نے ڈرون حملے میں ایک تجارتی جہاز کو نشانہ بنا دیا۔ڈونلڈ ٹرمپ نے ایرانی قیادت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ بہت بیمار ذہنیت کے لوگ ہیں، انہوں نے کل ایک معاہدے پر اتفاق کیا، جو ہمارے لیے ایک بہترین معاہدہ تھا۔انہوں نے کہا کہ ایران نے معاہدے میں جوہری معاملے سمیت سب کچھ چھوڑ دیا تھا، اس کے بعد وہ کمرے سے باہر نکلے اور ایک گھنٹے کے اندر جہاز پر ڈرون حملہ کردیا ادھر ایرانی پاسداران انقلاب نے آبنائے ہرمز کو تاحکم ثانی مکمل طور پر بند کرنے کا اعلان کر دیا۔ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق یہ اقدام ایک بحری جہاز پر انتباہی فائرنگ کے بعد کیا گیا۔

بقیہ 12

بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔برآمد اسلحے میں ایم 4 رائفل، ایس ایم جیز، راکٹ لانچر، موبائل فونز اور دیگر سامان شامل ہیں۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق آخری دہشتگرد کے خاتمے تک بلوچستان میں آپریشن شعبان جاری رہے گا۔دوسری جانب وزیرداخلہ محسن نقوی نے کہا کہ سیکورٹی اداروں کی مشترکہ کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کی عکاس ہیں۔افسران اور جوانوں کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 13

شہریوں کا قتل ایک گھناؤنا جرم ہے جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا۔انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہے اور انہیں ہر ممکن معاونت فراہم کی جائے گی۔شاہد رند نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو واقعے میں ملوث عناصر کی فوری گرفتاری، جامع تحقیقات اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کی واضح ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس اندوہناک واقعے میں ملوث کوئی بھی شخص قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکے گا۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کو سبوتاژ کرنے اور عوام میں خوف وہراس پھیلانے کی ہر کوشش کو ریاست پوری قوت سے ناکام بنائے گی

بقیہ 14

انکشاف ہوا ہے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق پاور ہاس بند ہونے سے پراجیکٹ کو 99 ارب 17 کروڑ روپے کا نقصان ہوا، ہیڈریس اور ٹیل ریس ٹنل کے بار بار گرنے کی تحقیقات بھی مکمل نہ ہوسکیں۔رپورٹ میں بتایا گیا کہ نیلم جہلم ہائیڈروپاور کمپنی کی مالی کارکردگی 2022-23 سے تنزلی کا شکار ہے، ٹیل ریس ٹنل گرنے سے جولائی 2022 سے اگست 2023 تک بجلی پیداوار مکمل معطل رہی۔آڈٹ رپورٹ کے مطابق ہیڈ ریس ٹنل گرنے کے بعد کیم مئی 2024 سے پاور ہاس بند ہے، دونوں ٹنلز کی مرمت اور بحالی پر اضافی اخراجات نے مالی بوجھ مزید بڑھا دیا ہے

بقیہ 15

ڈپٹی کمشنر واشک مجید سر پرہ نے بتایا کہ واقعہ اتوار کو ایرانی سرحد سے متصل واشک کے علاقے ماشکیل میں پیش آیا۔انہوں نے بتایا کہ واقعہ کے بعد نامعلوم مسلح افراد فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔پولیس نے اور سیکورٹی فورسز نے واقعہ کے بعد جاں بحق ہونے والے افراد کو ہسپتال منتقل کردیا اور علاقے کو گھیرے میں لیکر نامعلوم ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

بقیہ 16

سوئی سدرن گیس آفس پر دستی بم پھینکا جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس سے دفتر کمپیوٹرز اور دیگر سامان کو جزوی نقصان پہنچا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا پولیس نے مقدمہ درج کرکے مزید کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 17

ریاست پر حملہ ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آزادی کی نام نہاد تحریک کا لبادہ اوڑھنے والے دہشت گرد نہتے مزدوروں کو نشانہ بنا کر ایک مرتبہ پھر اپنے مکروہ عزائم دنیا کے سامنے بے نقاب کر چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بے گناہ محنت کشوں کا قتل کسی سیاسی جدوجہد یا آزادی کی تحریک نہیں بلکہ کھلی دہشت گردی، بربریت اور انسانیت کے خلاف سنگین جرم ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردوں کا مقصد کسی حق کی جدوجہد نہیں بلکہ دہشت، نفرت، خونریزی اور پاکستان کو غیر مستحکم کرنا ہے۔ایسے عناصر لسانی اور علاقائی نفرت کو ہوا دے کر قومی یکجہتی کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں، تاہم پوری قوم ان کے مذموم عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دے گی وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ ریاست دشمن عناصر اوران کے سہولت کاروں کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا پاکستانی شہریوں کے خون کے ہر قطرے کا حساب لیا جائے گا اور اس گھناؤنے جرم میں ملوث ہر دہشت گرد اور اس کے سہولت کار کو قانون کے مطابق انجام تک پہنچایا جائے گا

بقیہ 18

ذرائع سے جاری معلومات پر اعتماد کریں۔متحدہ عرب امارات کے آفات سے نمٹنے کے ادارے نیشنل ایمرجنسی، کرائسز اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این سی ایم اے) نے کہا کہ امارات میں کسی تشویش ناک صورت حال کے آثار نہیں، حکام مسلسل نگرانی کر رہے ہیں۔ادارے کے مطابق متحدہ عرب امارات میں صورت حال مکمل طور پر مستحکم ہے، ملک بھر میں نگرانی اور ہنگامی نظام 24 گھنٹے فعال ہے، میزائل عرب امارات کی سرحدوں سے باہر روک لیے گئے۔

بقیہ 19

سے لارڈ عامر سرفراز نے اسلام آباد میں ملاقات کی جس میں پاکستانی کمیونٹی کو درپیش مسائل اور ان کی خدمات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات میں پاکستان اور برطانیہ کے دوطرفہ تعلقات، برطانیہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی اور برطانیہ کی بدلتی ہوئی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔لارڈ عامر سرفراز نے علاقائی امن واستحکام کے فروغ میں نائب وزیر اعظم کے مسلسل اور فعال کردار کو سراہا۔انہوں نے برطانیہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کو درپیش اہم مسائل اور دونوں ممالک کیلئے ان کی خدمات سے بھی آگاہ کیا۔نائب وزیر اعظم محمد اسحاق ڈار نے پاکستان اور برطانیہ کے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستانی کمیونٹی، بالخصوص لارڈ عامر سرفراز جیسے ممتاز پارلیمنٹیرینز، دونوں ممالک کے درمیان ایک اہم پل کا کردار ادا کرتے ہیں

بقیہ 20

کریں یا پھر اس کی قیمت چکائیں۔انہوں نے کہا کہ حقیقت اب دروازہ کھٹکھٹا رہی ہے۔قالیباف نے اپنی پوسٹ کے ساتھ مفاہمتی یادداشت (MoU) کے آرٹیکل 5 کی تصویر بھی شیئر کی، جس میں آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے سے متعلق شق موجود ہے۔

بقیہ 21

کے شانہ بشانہ کھڑا ہے، جنوبی ایشیا میں پائیدار امن اور استحکام کا انحصار جموں وکشمیر کے تنازع کے پرامن حل پر ہے۔پیر کو یوم شہدائے کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ یوم شہدائے کشمیر ہر سال 13 جولائی کو ان 22 کشمیری شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے منایا جاتا ہے جنہوں نے 1931 میں سری نگر میں پرامن مظاہرین پر ڈوگرہ انتظامیہ کی فائرنگ کے نتیجے میں جام شہادت نوش کیا، ان کی عظیم قربانی جموں وکشمیر کے عوام میں سیاسی شعور کی بیداری، وقار، بنیادی حقوق اور اپنی شناخت کے حصول کی جدوجہد میں ایک تاریخ ساز سنگ میل ثابت ہوئی۔وزیراعظم نے کہا کہ یوم شہدائے کشمیر، جموں وکشمیر کے عوام کے عزم، جرات اور غیر متزلزل استقامت کی علامت بھی ہے، جس نے نسل در نسل کشمیری عوام کو انصاف کے حصول اور اپنے ناقابل تنسیخ حق خودارادیت کی جدوجہد جاری رکھنے کی تحریک دی ہے، اس بنیادی حق کیلئے ہر قربانی دینے کا جذبہ آج بھی جموں وکشمیر کی تاریخی جدوجہد کی سمت متعین کررہا ہے اور اس کی شناخت بن چکا ہے

بقیہ 22

علاقوں کے حساس مقامات پر شدید بارشوں کے باعث لینڈ سلائیڈنگ اور تودے گرنے کا خدشہ ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق اس دوران صوبے کے بالائی علاقوں میں شدید بارشوں کے باعث اچانک سیلاب آ سکتا ہے، پیش گوئی کی مدت کے دوران تیز ہواں اور آسمانی بجلی گرنے سے کمزور ڈھانچوں جیسے سولر پینلز، بجلی کے کھمبے اور بل بورڈز وغیرہ کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔صوبے کے بیشتر اضلاع میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے جبکہ جنوبی اضلاع میں موسم گرم اور مرطوب رہنے کا امکان ہے۔چترال اپر و لوئر، دیر اپر و لوئر، سوات، شانگلہ، مالاکنڈ، بونیر، باجوڑ، کوہستان اپر و لوئر، کولائی پالس، تورغر میں تیز آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔بگرام، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ہری پور، مردان، صوابی، مہمند، خیبر، پشاور، نوشہرہ، چارسدہ، کوہاٹ، کرک، ہنگو، کرم، اورکزئی، بنوں میں تیز ہواؤں، آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک اور وزیرستان کے اضلاع میں تیز ہواؤں، آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے

بقیہ 23

جس نے عام زندگی کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے۔اس قیامت خیز گرمی میں حکومت کی جانب سے عوام کی سہولت کیلئے شروع کی گئی "پیپلز بس سروس" کے اسٹاپس غریب عوام کیلئے زحمت اور اذیت کا باعث بن گئے ہیں۔ذرائع کے مطابق تربت شہر میں قائم پیپلز بس سروس کے کسی بھی اسٹاپ پر مسافروں کیلئے نہ تو سائے کا کوئی انتظام ہے اور نہ ہی پینے کے ٹھنڈے پانی کی کوئی سہولت موجود ہے۔تپتی دھوپ اور لو کے تھپیڑوں میں گھنٹوں بس کا انتظار کرنا شہریوں، بالخصوص خواتین، بچوں اور بزرگوں کیلئے عذاب بن چکا ہے

بقیہ 24

ہوئے جبکہ او آئی سی رکن ممالک کے وزراء، اعلیٰ حکام اور بین الاقوامی اداروں کے نمائندوں کے درمیان اہم دوطرفہ ملاقاتوں کا سلسلہ بھی جاری رہا۔اتوار کو وزارت انسانی حقوق کی جانب سے جاری بیان کے مطابق تکنیکی اجلاسوں کے دوران کانفرنس کے ایجنڈے کی منظوری دی گئی اور او آئی سی پلان آف ایکشن برائے خواتین پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں اسلامی دنیا میں خواتین کو درپیش چیلنجز، ان کی سماجی، معاشی اور سیاسی خودمختاری، تعلیم، صحت، معاشی مواقع، مالی شمولیت، فیصلہ سازی میں مؤثر شرکت، ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل شعبوں میں خواتین کی نمائندگی سمیت مختلف امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔آٹھویں وزارتی کانفرنس کی چیئر کی جانب سے گزشتہ کانفرنس کے بعد خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے او آئی سی کے تحت کیے گئے اقدامات اور حاصل ہونے والی پیش رفت پر شرکا کو بریفنگ دی گئی جبکہ خواتین کی ترقی سے متعلق مختلف اداروں کی رپورٹس بھی پیش کی گئیں

بقیہ 25

انہیں واٹر ٹینک پر بھیجا جنہوں نے اسلحہ نہیں پہنچایا۔اسلام اباد میں یہ مطالبہ تحریک تحفظ آئین پاکستان نے کیا کہ ان لوگوں کو استعفیٰ دینا ہوگا، وزیراعلیٰ سے وزیراعظم تک سب بے اختیار ہیں، شہدا کے لاشوں کی بے حرمتی کی گئی ہے، دھرنے کو مزید وسیع دی جائیگی، ہمیں اتنا کمزور نہ سمجھا جائے پشتون 100 سال بعد بھی اپنا بدلہ نہیں بھولتے، قرآن کریم قصاص کا حکم دیتا ہے، ہم بندوق نہیں اٹھائینگے لیکن اس ظلم کے خلاف اٹھنا ہوگا، اپنی صفیں درست کرنا ہوگی۔محمود خان اچکزئی نے کہا کہ یہ بڑی دکھ کی بات ہے جب کسی قوم پر ایسے حالات آجائے تو جذبات، برا بھلا کہنے کی بجائے ایک دوسرے کے ساتھ عقل شریک کرنے سے کامیابی حاصل ہوتی ہے۔جن کے ہاتھوں ہمارے یہ بچے شہید ہوئے ہیں ہمیں ان کو معلوم کرنا ہوگا کیونکہ اسلام اور پشتون اعلیٰ روایات دونوں میں اس قسم کی المناک اور ناحق موت کی اجازت نہیں اگر کوئی زبردستی کسی کا خون بہاتا ہے اور زور کرتا ہے تو ایسے لوگوں کو پشتون روایات میں مار دیا جاتا ہے۔قرآن کریم کی آیت کا ترجمہ ہے کہ "گویا ایک بے گناہ انسان کی موت تمام انسانیت کی موت اور کسی ایک بے گناہ انسان کو بچانا تمام انسانیت کو بچانے کے مترادف ہے"۔محمود خان اچکزئی نے کہا کہ ہم اپنی بساط کے مطابق گزشتہ تین سالوں سے کہتے چلے آرہے ہیں کہ پشتون وطن کو دنیا کے مست سانڈوں نے اپنے جنگ کی مرکز بنا نا ہے اور ہمارے وطن اور اس قوم کے وسائل معدنیات پر ان کی بری نظریں ہیں اور وہ اس پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔اس وطن میں قدرت کی بے شمار نعمتیں ہیں وہ تمام نعمتیں جو اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کی سورۃ رحمن میں بیان کی ہیں اللہ تعالیٰ نے پشتون افغان کو انتہائی غنی وطن سے نوازا ہے جہاں دریاء، پانی، نہریں، جنگلات، قیمتی معدنیات، کوئلہ سب کچھ موجود ہیں۔آج جو حالات ہیں ہم اس کی نشاندہی کرتے چلے آرہے ہیں۔پہلے مرحلے میں شدید گرمی میں وزیرستان کے لوگوں کو مردان میں کیمپس بنا کر آباد کیا گیا اور ان کے وطن پر قبضہ کیا گیا اور انہیں تمام ملک میں بعد میں آئی ڈی پیز بنا دیا گیا۔پشتون سیال قوم ہے ہمیں کسی کی خیرات نہیں چاہیے۔ہم یہ ملک توڑنا نہیں چاہتے، یہ ایک فیڈریشن ہے جس میں پشتون، بلوچ، سندھی، سرائیکی اور پنجابی اقوام اپنی اپنی زمینوں پر تاریخی طور پر آباد ہیں۔محمود خان اچکزئی نے کہا کہ ملک کے قیام کے بعد سے لیکر آج تک ملک میں آئین کو نہیں مانا گیا۔اس حد تک کہ یہ ملک دولخت ہوا بنگال بنا اس کے بعد آج تک کسی نے نہیں پوچھا گیا کہ یہ ملک کیوں ٹوٹا۔باقی ماندہ ملک میں اکابرین نے بیٹھ کر ملک کو جمہوری ٹریک پر ڈالنے کے لئے آئین تشکیل دیا اگر چہ اس میں پشتونوں کا اپنا قومی صوبہ نہ تھا لیکن اس کے باوجود ایک متفقہ آئین بنایا گیا تا کہ اس ملک میں جمہور کی حکمرانی ہو، پارلیمنٹ خودمختار ہو، قوموں کی برابری پر مبنی حقیقی جمہوری فیڈریشن قائم ہو، ہر قوم کے وسائل پر ان کا واک واختیار ہولیکن اس آئین کو بھی نہیں چھوڑا گیا۔محمود خان اچکزئی نے کہا کہ عمران خان اس ملک کا پاپولر لیڈر ہے، 8 فروری کے انتخابات میں جس انداز میں دہشت گردی کی گئی عوام کے مینڈیٹ کو چھینا گیا، عدالتوں کو توڑ کر تحریک انصاف سے اس کا انتخابی نشان چھینا گیا اور پھر اسمبلیوں کی بولیاں لگائی گئی جس میں کوئی غریب سیاسی کارکن نہیں آسکتا تھا نتیجہ آج ہم سب کے سامنے ہے اور یہ بھی دہشت گردی کی علامت ہے کہ آپ نے عوام کے ووٹ پر ڈاکہ ڈالا اور بولیاں لگا کر لوگوں کو اسمبلیوں تک پہنچا کر عوام پر مسلط کیا۔یہاں کہا جاتا ہے کہ ہماری سنو اور جو نہیں سنتا اُسے گولیاں ماردی جاتی ہیں، عمران خان کا کارکن عمران خان کی رہائی، جمہوری کی حکمرانی کے لیے نکلتے ہے اور احتجاج کرتا ہے تو آپ نے انہیں گولیاں ماردیں۔تحریک لبیک والوں کو آپ نے گولیاں ماردیں۔محمود خان اچکزئی نے کہا کہ زیارت کے علاقہ مانگی میں جس واٹر ٹینک کی جگہ پر پولیس اہلکاروں کو لاکر اکھٹا کیا گیا اور انہیں ایک یا دو دو میگزین دیئے گئے انتہائی کم اسلحہ فراہم کیا گیا یہ کام جس نے بھی کیا وہی دراصل ان شہدا کے قاتل ہیں۔اگر وہ کوئی ڈی سی ہو، کمشنر ہو یا سیکرٹری داخلہ ہو۔ان اہلکاروں کو یہاں پر تعینات کرنے والے ہی اس واقعہ کے ذمہ دار ہیں اور وہ بھی ذمہ دار ہیں جنہیں اہلکاروں نے بروقت اطلاع دی اور امداد مزید اسلحہ، گولیوں کی فراہمی کی درخواست کی۔تحقیقات کی جائیں اور انہیں بے نقاب کیا جائے کیونکہ یہ بھی اتنے ہی ذمہ دار اور قاتل ہیں۔اہلکاروں کو بھیجنے والوں کو فوری طور پر مستعفی ہوجانا چاہیے تھا۔ٹرمپ پر گولی چلنے کا واقعہ رونما ہوا ذمہ دار خاتون نے اپنے عہدے سے فوری استعفیٰ دیا کہ یہ میری نااہلی ہے میں اپنی ذمہ داری میں غفلت برتی۔کسی ملک میں ٹرین حادثہ ہوتا ہے وہاں کا وزیر مستعفی ہوجاتا ہے۔ہم اس عوامی احتجاجی دھرنے کے تمام مطالبات کی حمایت کرتے ہیں، تحریک تحفظ آئین پاکستان وزیراعلیٰ اور اس حکومت سے فوری طور پر مستعفی ہونے کا مطالبہ کرتی ہے۔ہماری مائیں اس لیے بچوں کو جنم نہیں دیتی کہ آپ ان کا خون بہائیں اتنا ارزاں خون نہیں کہ آپ نے نسل کشی شروع کررکھی ہے۔آپ نے پہلے انہیں بیدردی کے ساتھ مارا اور پھر ایک ہی گاڑی میں ایک دوسرے کے اوپر پھینک کر لاشیں ہسپتال بھیج دی ان کی اتنی بے حرمتی کی یہ وقت پھر آپ پر بھی آسکتا ہے اُس وقت سے ڈریں۔وزیراعلیٰ سے لیکر وزیراعظم تک ان لوگوں کے پاس تو یہ اختیار بھی نہیں کہ وہ اپنی مرضی سے اپنے گھر جاسکیں۔محمود خان اچکزئی نے کہا کہ تمام پشتونوں کا ایک جرگہ وقت کی اہم ضرورت ہے اور اس جرگہ میں سخت لائحہ عمل بھی طے ہوسکتا ہے۔ملک میں پشتونوں کی حالات انتہائی بدتر ہوچکے ہیں اس صورتحال میں خیبر سے لیکر تیراہ وزیرستان اور جنوبی پشتونخوا تک تمام پشتونوں کا ایک جرگہ ہونا چاہیے۔زیارت اور کوئٹہ کے ہنہ اوڑک سمیت تمام بچوں کو جس طرح شہید کیا گیا اور اب اس کے بدلے لاکھوں روپے کے مراعات کی باتیں کرنے والے سن لیں ہمیں یہ مراعات اور پیسے نہیں چاہیے آپ نے ہمارے بچوں کو کیوں شہید کیا ہمیں اس کا جواب چاہیے؟ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے ساتھیوں نے کہا ہے کہ دھرنے کے شرکاء سے بات کریں ہم ہر لحاظ سے ان کا بھرپور ساتھ دینگے۔میری تجویز ہے کہ ہر ضلع میں ڈپٹی کمشنر کے دفتر کے باہر عوامی احتجاج ہو، آج تمام دنیا میں پشتونوں کا امیج ایک دہشت گرد کے طور پر دکھایا جارہا ہے جو پشتون داڑھی، پگڑی والا ہو اسے دہشت گرد سمجھ کر ٹنگ کیا جاتا ہے۔یہ جھوٹا اور منفی پروپیگنڈہ جس طرح پھیلایا جارہا ہے ہم اس کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔آپ تو اتنے گئے گزرے ہو کہ مطالعہ بھی نہیں کرتے۔دنیا کے تاریخ دانوں ہتو رام، کوئی سکھ، انگریز، جرمن، فرانسیسی، جاپانی یا کوئی بھی ہو شائع کردہ کتابوں کا ہی مطالعہ کریں جو کہتے ہیں کہ پشتون پرامن لوگ ہیں ان کے وطن میں رات گزارنا، بستر اور کھانا مفت ہے وہ مہمان نواز ہیں۔لیکن ہم آپ کو یہ بتانا چاہتے ہیں کہ ہم اپنی ماں، اپنے وطن، اس کی آزادی، خودمختاری کی جانب کسی کو بھی میلی آنکھ سے دیکھنے نہیں دینگے۔پشتونخوا وطن کو یہ لوگ No mans Land کا نام دیتے ہیں۔

بقیہ 26

مطابق ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی (ڈریپ) نے روایتی سرنجز پر پابندی کیلئے ورکنگ مکمل کرلی ہے، جس کے تحت ایک سے 10 سی سی حجم کی تمام روایتی سرنجز کی درآمد، تیاری، فروخت اور استعمال پر پابندی عائد ہوگی۔ذرائع کے مطابق روایتی سرنجز پر مکمل پابندی کیلئے کیم جولائی کو جاری کردہ حکم نامہ منسوخ کیا جائے گا۔یاد رہے کہ کیم جولائی کو 3 اور 10 سی سی کی روایتی سرنجز پر پابندی عائد کی گئی تھی۔ذرائع کے مطابق روایتی سرنجز پر مکمل پابندی کے فیصلے سے قبل تمام متعلقہ فریقین سے مشاورت کی گئی، اور یہ فیصلہ طویل مشاورت کے بعد کیا گیا ہے، اگرچہ اس معاملے پر اسٹیک ہولڈرز کے درمیان مکمل اتفاق رائے موجود نہیں تھا۔ذرائع نے بتایا کہ مخصوص اسپتالوں کیلئے مینول سرنجز کے استعمال کی دی گئی چھوٹ بھی ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے

بقیہ 27

ملک جانے کے خواہشمند 74 ہزار 474 افراد کو آف لوڈ کیا گیا۔دستاویز کے مطابق 39 ہزار 786 افراد کو ایف آئی اے نے آف لوڈ کیا جبکہ 34 ہزار لوگوں کو مختلف ایجنسیز اور اداروں نے آف لوڈ کیا۔دستاویز میں بتایا گیا کہ 30 ہزار 21 لوگوں کو مختلف ایئرلائنز نے آف لوڈ کیا، 3617 افراد اپنی کسی وجہ سے خود ہی آف لوڈ ہوئے، 40 افراد کو کسٹمز، اے این ایف یا اے ایس ایف نے آف لوڈ کیا، مختلف ایئرپورٹس سے 39 ہزار 786 شہریوں کو آف لوڈ کیا گیا۔ایف آئی اے دستاویز میں کہا گیا ہے کہ 20 ہزار 408 افراد کو ضروری دستاویزات نہ ہونے پر آف لوڈ کیا گیا، لو پروفائل، مشکوک ٹریول پلان کی وجہ سے 12 ہزار 673 افراد کو آف لوڈ کیا، 3450 افراد اسٹاپ لسٹ میں ہونے کی وجہ سے آف لوڈ ہوئے

بقیہ 28

کردار ادا کیا ہے۔شروعات سے بلوچستان میں ضروری تعلیمی سہولیات اور مواقعوں کو مختلف قسم کی رکاوٹوں کا سامنا رہا ہے لیکن اس کے باوجود ہائیر ایجوکیشن کمیشن وژن اور حقیقت کے درمیان اہم پل کا کردار ادا کر رہا ہے، جس پر ہم چیئرمین ہائیر ایجوکیشن کمیشن ڈاکٹر نیاز احمد اختر اور ان کی پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ جغرافیائی محل وقوع اور محدود وسائل کے چیلنجوں کے باوجود صوبہ کی تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں میں اس وقت سینکڑوں پی ایچ ڈی اور ایم فل اسکالرز اب معیاری تعلیم فراہم کر رہے ہیں اور طلباء وطالبات کو جدید تعلیم اور موجودہ مارکیٹ کی ضرورت کے مطابق جدید مہارتوں سے آراستہ کر رہے ہیں۔فیکلٹی ڈویلپمنٹ، اسکالرشپس اور ریسرچ گرانٹس میں ایچ ای سی کا کردار اس تبدیلی میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔اسطرح ایچ ای سی کا کردار کثیر جہتی ہے جو عصری تقاضوں کے مطابق کوالٹی ایشورنس کے معیارات مرتب اور نافذ کرتا ہے، جدید علم پر مبنی ریسرچ کو فروغ دیتا ہے اور صوبے کے دورافتادہ اضلاع میں بھی ہائیر ایجوکیشن تک مساوی رسائی کو یقینی بناتا ہے۔

بقیہ 29

قیادت میں قائم مودی حکومت اقلیتوں پر مظالم کی سرپرستی کرکے اپنا ووٹ بینک مضبوط کررہی ہے۔دی ہندوستان گزٹ کے مطابق بہار کے ضلع نواڈا کے علاقے کمل پور میں ہندو انتہاپسندوں نے مسلمان خاتون کو نقاب اتار کر سندور لگانے پر مجبور کیا۔ہجوم نے مسلم خاتون سے برقع اتروایا، پیشانی پر سندور لگایا اور بجرنگ بلی کے نعرے لگائے، مسلمان خاتون کی طرف سے مخالفت کے باوجود ہجوم ویڈیو بناتا رہا اور کہتا رہا کہ یہ ویڈیو ہر حال میں بنے گی

بقیہ 30

مولانا عبدالغفور حیدری نے وفاقی وزیر داخلہ سے استعفے کا مطالبہ کردیا۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ نے دعویٰ کیا تھا کہ بلوچستان ایک ایس ایچ او کی مار ہے مگر موجودہ امن وامان کی صورتحال نے اس دعوے کو غلط ثابت کردیا ہے۔مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ زیارت کے واقعے میں 29 پولیس اہلکاروں سمیت دو ایس ایچ اوز بھی جاں بحق ہوئے، ہنہ اوڑک میں صوبائی حکومت کی ناک کے نیچے لوگ شہید ہوئے۔کہاں ہے وہ ایس ایچ او؟۔مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ چاغی میں بینک لوٹے گئے، تھانے جلائے گئے اور پولیس اہلکاروں کے اسلحہ پر قبضہ کیا گیا، جبکہ خاران، پنجگور، بسیمہ اور تربت میں بھی سیکورٹی اداروں پر مسلسل حملے ہو رہے ہیں، پورا بلوچستان بدامنی کی لپیٹ میں ہے

بقیہ 31

گیا تو یہ بلوچستان کی معاشی اور سماجی ترقی میں ایک تاریخی سنگ میل ثابت ہوسکتا ہے۔یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کے کل رقبے کا تقریباً 44 فیصد حصہ رکھتا ہے، لیکن وسیع جغرافیہ، دشوار گزار پہاڑی علاقے، منتشر آبادی اور محدود انتظامی ڈھانچے کے باعث لاکھوں شہری بنیادی سرکاری خدمات سے مکمل طور پر مستفید نہیں ہو پاتے آج بھی متعدد علاقوں کے شہریوں کو معمولی انتظامی، عدالتی یا ریونیو امور کیلئے سینکڑوں کلومیٹر سفر کرنا پڑتا ہے، جس سے وقت، وسائل اور عوامی اعتماد تینوں متاثر ہوتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ نئے اضلاع اور ڈویژنز کے قیام سے تعلیم، صحت، پولیس، عدلیہ، ریونیو، زراعت، سوشل ویلفیئر اور دیگر سرکاری اداروں کی خدمات عوام کے قریب آئیں گی۔انتظامی رسائی بہتر ہونے سے عوامی شکایات کے ازالے میں تیزی آئے گی

بقیہ 32

خدشہ، اضافی تصدیقی نظام بھی موجود نہیں۔رپورٹ کے مطابق خودکار مانیٹرنگ نہ ہونے سے سائبر حملوں کو بروقت پتہ لگانیکی صلاحیت بھی نہیں، تکنیکی ڈیٹا کو انکرپٹ نہ کرنے سے حساس معلومات غیرمجاز افراد تک پہنچنے کا خطرہ ہے۔آڈٹ رپورٹ کے مطابق ڈیٹا انکرپشن کے فقدان سے ڈیٹا لیک سسٹم کمپرومائز کا سبب بنے گا، سائبر سیکیورٹی کنٹرولز کی کمزوریوں نے معلوماتی نظام کو خطرات سے دوچار کردیا، ادارے کے مینجمنٹ سسٹم میں مالیاتی معلومات بروقت اپ ڈیٹ نہ ہونے کا بھی انکشاف ہوا ہے

بقیہ 33

منصفانہ موقف اور جائز جدوجہد کی غیرمتزلزل حمایت جاری رکھے گا۔اتوار کو یہاں یوم شہدائے کشمیر پر اپنے پیغام میں صدر زرداری نے کہا کہ 95ویں یوم شہدائے کشمیر پر، میں 1931ء میں ڈوگرہ افواج کی فائرنگ کا سامنا کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے 22 کشمیری شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ اس دن، پاکستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مل کر 1931ء کے شہداء کی عظیم قربانی کو یاد کرتے ہیں، افسوس ناک امر یہ ہے کہ کشمیری عوام اب بھی بھارت کے غیر قانونی قبضے کے خلاف جدوجہد کر رہے ہیں

بقیہ 34

پیر ولایت شاہ کھگہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر پی پی اے ایف جناب نادر گل بارچ، چیف ایگزیکٹو آفیسر شیف انٹرنیشنل جناب سہیل ایاز خان، ڈاکٹر احمد خاور شہزاد، پی پی اے ایف اور شیف کے اعلیٰ حکام اور مقامی افراد نے شرکت کی۔تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر سید عمران احمد شاہ نے کہا کہ بالخصوص دیہی اور موسمیاتی تبدیلی سے متاثرہ علاقوں میں صاف پینے کے پانی کی فراہمی حکومت پاکستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے باعث آبی وسائل پر بڑھتا ہوا دباؤ اس امر کا تقاضا کرتا ہے کہ عوام کی صحت، روزگار اور مقامی آبادی کی مضبوطی کیلئے موسمیاتی تبدیلی سے ہم آہنگ بنیادی ڈھانچے کو فروغ دیا جائے۔

بقیہ 35

اسلامی تعاون تنظیم کے 57 رکن ممالک کے نمائندوں کی پاکستان میں موجودگی اس بات کا ثبوت ہے کہ او آئی سی رکن ممالک خواتین کی فلاح وترقی کے مشترکہ اہداف کے حصول کیلئے ایک مؤثر پلیٹ فارم پر یکجا ہیں۔انہوں نے کہا کہ کانفرنس کے دوران خواتین کو درپیش چیلنجز، ان کی سماجی ومعاشی ترقی، تعلیم، صحت اور فیصلہ سازی میں مؤثر کردار جیسے اہم موضوعات پر ہونے والی گفتگو مستقبل کیلئے مثبت نتائج کی حامل ہوگی۔ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ کانفرنس کی صدارت مصر سے پاکستان کو منتقل ہونا ایک اہم پیش رفت ہے اور آئندہ دو برس کیلئے پاکستان کی قیادت او آئی سی کے خواتین سے متعلق ایجنڈے کو مزید مؤثر انداز میں آگے بڑھانے میں نہ صرف معاون ثابت ہوگی تبادلے اور باہمی تعاون کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

بقیہ 36

تقاضوں کے مطابق کی گئی ہیں یا نہیں۔شہری، سماجی اور عوامی حلقوں نے حکومت بلوچستان، محکمہ صحت، پی پی ایچ آئی ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کمشنر نصیرآباد اور دیگر متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ تمام مشتبہ اسناد کی فوری فرانزک اور ادارہ جاتی تصدیق کرائی جائے۔اگر کسی ملازم کی تعلیمی اسناد غیر مستند یا جعلی ثابت ہوں تو ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے، جبکہ حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں۔

بقیہ 37

باجود محکمہ اریگیشن کے آفیسران عملے کے ہمراہ اپنی تمام تر صلاحیتیں بروکار لارہے ہیں تقریباً 200 کلومیٹر طویل پٹ فیڈر کینال، اس کی شاخوں اور واٹرکورسز کی مسلسل نگرانی کرنا محکمے کے آفیسران کی کاوشوں کا نتیجہ ہے مگر باوجود چند بااثر اور قانون شکن عناصر رات کی تاریکی، دوردراز علاقوں اور امن وامان کی نازک صورتحال کا فائدہ اٹھاتے ہوئے غیر قانونی پائپ، پمپنگ مشینیں اور دیگر ذرائع استعمال کرکے پانی چوری کررہے ہیں۔

بقیہ 38

صدر محمد اخلاق مری، جنرل سیکرٹری موسیٰ جان مری، پریس سیکرٹری عبدالرحیم مری اور فنانس سیکرٹری نذر بلوچ شامل تھے، دورے کے دوران وفد نے کوئٹہ پریس کلب کے صدر سید عرفان، جنرل سیکرٹری ایوب ترین، فنانس سیکرٹری عصمت اللہ سالانی، سینئر صحافی یعقوب شاہوانی، ڈائریکٹر بی ایم سی دوست محمد بلوچ، سماجی کارکن سمیع زرکون، پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما وڈیرہ شیرین پوادی، سوشل ویلفیئر کے ڈپٹی سیکرٹری سلطان ناصر، انسپکٹر میر ثناء اللہ مری، چیئرمین محراب بلوچ اور دیگر سیاسی، سماجی وسرکاری شخصیات سے ملاقاتیں کیں، ملاقاتوں کے دوران کوہلو سمیت بلوچستان میں صحافت کو درپیش مسائل، صحافیوں کی فلاح وبہبود، آزادی صحافت، علاقائی ترقی، تعلیم، صحت اور عوامی مسائل کے حل سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 39

حاجی امان اللہ اچکزئی، عالمی ادارہ صحت (WHO) کے مرکزی میکنیکل آفیسر اسد اللہ صافی، ڈسٹرکٹ چمن پولیو کیوبلیشن آفیسر اشرف خان اچکزئی اور دیگر متعلقہ حکام نے خطاب کیا۔مقررین نے والدین سے پرزور اپیل کی کہ وہ اپنے پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو سے محفوظ رکھنے کیلئے پولیوٹیموں سے مکمل تعاون کریں اور مہم کے دوران ہر بچے کو پولیو کے حفاظتی قطرے لازمی پلوائیں۔

بقیہ 40

ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے اور بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کیلئے سیکورٹی فورسز کی قربانیاں قابل فخر ہیں۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کی بحالی، شہریوں کے جان ومال کے تحفظ اور ریاست کی رٹ کو مضبوط بنانے کیلئے سیکیورٹی فورسز شب وروز پیشہ ورانہ ذمہ داریاں انجام دے رہی ہیں۔آپریشن "شعبان" میں حاصل ہونے والی کامیابیاں فورسز کی بہادری، پیشہ ورانہ صلاحیت اور غیر متزلزل عزم کا واضح ثبوت ہیں۔میر عثمان گورگیج نے کہا کہ بلوچستان کے عوام دہشت گردی کے خلاف اپنی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں اور امن دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو بھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے

بقیہ 41

مند اور بیماریوں سے پاک ماحول فراہم کیا جا سکے۔میونسپل کمیٹی کے حکام کے مطابق گرمی کے موسم میں مردہ جانوروں سے تعفن، جراثیم اور مختلف متعدی بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ بڑھ جاتا ہے، جس کے پیش نظر صفائی عملے کو ہدایت کی گئی ہے کہ اطلاع موصول ہوتے ہی فوری طور پر موقع پر پہنچ کر مردہ جانور کو محفوظ طریقے سے تلف کیا جائے۔اس مقصد کے لیے متعلقہ عملہ روزانہ کی بنیاد پر شہر کے مختلف علاقوں کی نگرانی بھی کر رہا ہے تاکہ کسی بھی ممکنہ خطرے کا بروقت تدارک کیا جا سکے۔حکام نے کہا کہ عوامی صحت کا تحفظ میونسپل کمیٹی کی اولین ترجیح ہے اور شہر کو صاف رکھنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنانے اور شہریوں کو بہترین بلدیاتی سہولیات فراہم کرنے کے لیے بھی عملی اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ 42

کے باوجود میر ضرار ناصر خان جمالی مختلف نہری شاخوں پر پہنچے، جہاں انہوں نے پانی کی صورتحال، بہاؤ اور تقسیم کے نظام کا جائزہ لیا، اس موقع پر انہوں نے محکمہ اریگیشن کے افسران کو ہدایت کی کہ تمام علاقوں کے کاشتکاروں کو ان کے مقررہ حصے کے مطابق پانی فراہم کیا جائے، غیر قانونی واٹرکورسز اور پانی کی چوری کی روک تھام کو یقینی بنایا جائے اور کسی بھی شکایت کا فوری ازالہ کیا جائے، میر ضرار ناصر خان جمالی نے کاشتکاروں اور زمینداروں سے ملاقاتیں بھی کیں

بقیہ 43

پر مرتب ہوں گے۔سید امان شاہ نے کہا کہ دنیا کے متعدد ممالک نے عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کے باوجود اپنی عوام کو ریلیف فراہم کیا۔انہوں نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب میں پٹرول تقریباً 2.33 سعودی ریال، قطر میں 2.10 قطری ریال، متحدہ عرب امارات میں اسپیشل 95 پٹرول 3.29 درہم، جبکہ ملائیشیا میں بھی پٹرول پاکستان کے مقابلے میں نمایاں سستا دستیاب ہے۔

بقیہ 44

یواین اے کے نمائندے سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہید میر اسلم خان عمرانی نے ہمیشہ عوامی مسائل کے حل، اجتماعی مفادات کے تحفظ اور علاقائی ترقی کے لیے قابل قدر خدمات انجام دیں، جنہیں عوام آج بھی قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ان کا مشن ادھورا نہیں رہنے دیا جائے گا بلکہ اسی جذبے اور عزم کے ساتھ عوام کی خدمت کا سفر جاری رکھا جائے گا۔میر نعیم خان عمرانی نے کہا کہ وارڈ نمبر 23 کے عوام کی محبت، اعتماد اور بھرپور تعاون ان کے لیے باعث فخر ہے

بقیہ 45

مواصلات وتعمیرات میر سلیم خان کھوسہ وصوبائی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو بابر خان کی ہدایت کی روشنی میں پختہ تعمیراتی عمل کی باریک بینی کے ساتھ چھان بین کی جارہی ہے تا کہ حکومت جو عوامی مفاد میں خطیر رقم خرچ کررہی ہے اس سے عوام براہ راست استفادہ حاصل کریں انجینئر اپنی نگرانی میں ترقیاتی منصوبوں کو جاری رکھیں لاپرواہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع صحبت پور میں جاری ترقیاتی منصوبے کے جائزے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سپر نٹنڈنگ انجینئر زفدا حسین کھوسہ ارسلاند سمیت دیگر افسران موجود تھے ایگزیکٹو انجینئر مواصلات وتعمیرات روڈز جہانگیر کھوسہ نے انہیں ترقیاتی منصوبوں کے متعلق آگاہی فراہم کی دورے کے موقع پر چیف انجینئر مواصلات وتعمیرات بشیر ناصر نے صحبت پور بائے پاس روڈ، ڈسٹرکٹ کمپلیکس سمیت دیگر کئی منصوبوں کا جائزہ لیا

بقیہ 46

کام کرنے والی کمپنیوں کے ذریعے پاکستان بلوچستان اور متعلقہ کمپنیوں سمیت لوگ مستفید ہوسکیں۔ہماری کمپنی علاقے کی تعمیر وترقی، عوام کی فلاح وبہبود کیلئے تعلیم، صحت، پینے کا صاف پانی مواصلات کی بہتری کو یقینی بناتی ہے اور مقامی افراد کو دور جدید کے مطابق جدید تربیت فراہم کرتے ہیں تا کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے روزگار کماسکیں۔سینکڑوں ملازمین کو جدید تربیت فراہم کی جا چکی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ دنوں سینئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ ہماری کمپنی کو پیداوار میں سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جس میں وفاقی اور صوبائی حکومت کی جانب سے عائد کردہ غیر ضروری اور بلا جواز ٹیکسز اور رکاوٹیں ہیں۔حالانکہ وفاقی حکومت نے ہماری کمپنی کو ایکسپورٹ پر موشن زون کا درجہ دیا گیا تھا جس کا مقصد ٹیکسز کا بوجھ کم ہونا تھا لیکن اس سہولت کے باوجود ہم پر 42 فیصد تک ٹیکسز بڑھا دیا گیا ہے اور صوبائی حکومت کی جانب سے بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے غیر متوازن سیلز ٹیکس 18 فیصد کی بھرمار کے بعد ہم پر اضافی بوجھ بڑھ گیا ہے جس کے ہمارے پیداواری منصوبے کے علاوہ صوبائی اور وفاقی حکومت سمیت ہماری آمدن پر منفی اثرات پڑ رہے ہیں ایسے غلط اقدامات اور پالیسیوں کی وجہ سے تینوں فریقین متاثر ہوتے ہیں اور ٹیکسز کی بھرمار کی ایک بوجھ بن چکی ہے جس کی وجہ سے پیداواری صلاحیت پر برے اثرات پڑتے ہیں انہوں نے بتایا کہ منصوبے سے نکلنے والے 100 ٹرکوں میں 40 فیصد زنک ہوتا ہے اور ہر دوسرے روز 22 سے 28 ٹن مال سے لوڈ 40 سے 45 ٹرک نکلتے ہیں۔اس کے علاوہ کسٹمز کی جانب سے ایکسپورٹ کے لئے متعارف کرائے جانے والے جدید ای سسٹم کے رائج ہونے ہماری مشکلات بڑھی ہے ہماری خواہش ہے کہ حکومت کسٹمز کی جانب سے ایکسپورٹ کے لئے متعارف کرائے جانے والے جدید ای سسٹم کو آسان اور سہل بنائے تا کہ معاملات کو تیز رفتاری سے آگے بڑھایا جاسکے انہوں نے بتایا کہ مذکورہ منصوبہ پاکستان اور چائنا کے مابین تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کا موثر ذریعہ ہے

بقیہ 47

دمڑ، حاجی راز محمد دمڑ، ملک آیاز خان دمڑ، ضلع نائب ناظم حاجی موسیٰ شاہ دمڑ، چیئرمین ملک بائج خان دمڑ، چیئرمین حاجی نصرالدین ترین، ملک محمد غوث پانیزئی، حاجی محمد نور پانیزئی، حاجی اللہ نور پانیزئی، ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین زیارت حبیب اللہ پانیزئی، میونسپل کمیٹی سنجاوی کے ڈپٹی چیئرمین دنیا خان باچا انڈر، حاجی حبیب اللہ دمڑ، محمد اشرف خان دمڑ، حاجی خیال سلمان خیل، ملک غفار ترین، مولوی فقیر اللہ دمڑ، محبوب خان دمڑ، نصیب اللہ دمڑ، مولوی عبدالصمد اور مولوی محمد اکبر دمڑ سمیت علاقے کے دیگر معززین بھی ان کے ہمراہ تھے۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر نے کہا کہ زیارت چج میں پولیس اہلکاروں کی شہادت کا صدمہ ناقابل بیان ہے۔شہداء پولیس ہمارے اپنے بچے اور بھائی تھے۔جتنا درد شہداکے والدین اور لواحقین کو ہوا ہے، اس سے کہیں زیادہ صدمہ مجھے پہنچا ہے۔انہوں نے کہا کہ کچھ عناصر شہداء کے جنازوں پر سیاست کررہے ہیں۔

بقیہ 48

رہی جس کے یہ متقاضی ہیں۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان اس وقت دہشت گردی، بدامنی اور مختلف افسوسناک واقعات کی لپیٹ میں ہے، جبکہ متعدد علاقوں میں متاثرہ خاندان انصاف اور دادرسی کے لیے دھرنے دیے بیٹھے ہیں۔ایسے حالات میں وزیراعظم کو محض اجلاسوں تک محدود رہنے کے بجائے متاثرین کے درمیان جا کر ان کے دکھ درد بانٹنے اور ان کے حوصلے بلند کرنے چاہیے تھے۔پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے ہنہ اوڑک کے متاثرین کے دھرنے میں جا کر ان سے ملاقات کرنا اور ان کے مسائل سننا ایک مثبت اور قابل تحسین اقدام ہے، جس سے متاثرہ خاندانوں کو یہ احساس ہوا کہ حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہی طرز عمل وفاقی قیادت کو بھی اختیار کرنا چاہیے تھا۔انہوں نے کہا کہ صرف دعوؤں، بیانات، اجلاسوں اور رسمی دوروں سے بلوچستان میں امن قائم نہیں کیا جاسکتا۔اس کے لیے عملی اقدامات، عوامی رابطہ، متاثرین کی دادرسی، انصاف کی فراہمی اور عوام کا اعتماد بحال کرنا ناگزیر ہے

بقیہ 49

کارکنوں تاجرتنظیموں سماجی کارکنوں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی احتجاجی اجتماعات میں آل پارٹیز اتحاد اور کوئلہ پھاٹک دھرنا کمیٹی کے مطالبات کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے صوبے میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا مقررین نے کہا کہ بلوچستان بالخصوص پشتون بیلٹ میں دہشت گردی انتہاپسندی مسلح گروہوں کی سرگرمیوں ٹارگٹ کلنگ بھتہ خوری اغوا برائے تاوان اور قبضہ گیری جیسے سنگین جرائم میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے جبکہ صوبائی و وفاقی حکومت اور متعلقہ ریاستی ادارے عوام کے جان ومال کے تحفظ میں ناکام دکھائی دیتے ہیں ریاست کی بنیادی ذمہ داری شہریوں کے جان ومال کا تحفظ اور امن وامان کا قیام ہے عوام اپنی خون پسینے کی کمائی سے مختلف مدات میں ٹیکس ادا کرتے ہیں لہٰذا حکومت پر لازم ہے کہ وہ شہریوں کو تحفظ فراہم کرے انہوں نے کہا کہ عوام مسلح جتھے یا لشکر بنانے کے حق میں نہیں ہیں تاہم اگر ریاست اپنی آئینی اور قانونی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام رہتی ہے تو عوام میں شدید بے چینی پیدا ہوگی اور وہ اپنے تحفظ کیلئے متبادل راستے اختیار کرنے پر مجبور ہوں گے احتجاجی اجتماعات سے خطاب کرنے والے رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ سانحہ زیارت اور سانحہ ہنہ اوڑک کی آزادانہ غیر جانبدار اور شفاف تحقیقات کرائی جائیں واقعات میں ملوث اور غفلت کے مرتکب کرداروں کو بے نقاب اور ان عناصر کو قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے جبکہ متاثرہ خاندانوں کو انصاف اور مکمل تحفظ فراہم کیا جائے

بقیہ 50

اس آیت کے بارے کیا جانتے ہو تو صحابہ عرض کرتے ہمارے ماں باپ آپ پر قربان۔اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ بہتر جانتے ہیں پھر بھی آپ ﷺ اپنے صحابہ کرام سے امور دنیا میں مشورہ کیا کرتے تھے۔مشورہ کا ایک اصول ہے کہ مشورہ حکم نہیں ہوتا ایک رائے ہوتی ہے لینے والے کو بھلی لگے نہ لگے اس پر عمل کرے نہ کرے ہمارے ہاں اگر مشورے پر عمل نہ کیا جائے تو ناراضگی ظاہر کی جاتی ہے کہ میرے مشورے کو اہمیت نہیں دی گئی اس پر عمل نہیں کیا گیا۔مشورہ امانت ہوتا ہے اس میں خیانت نہ ہو۔اگر کسی سے کوئی مشورہ کرتا ہے تو اسے چاہیے کہ مشورہ دے اور اچھا مشورہ دے۔امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ وسربراہ تنظیم الاخوان پاکستان کا جمعۃ المبارک کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دین اسلام کے اصول زندگی کے ہر پہلو میں ہماری راہنمائی فرماتے ہیں اور ہماری ضرورت ہیں۔یہی وہ اصول ہیں جن میں ہماری قوم کی حیات ہے۔آج کے حالات بہت مشکل ہیں روزانہ خبر آتی ہے کہ ہمارے اتنے جوان شہید ہوگئے ہیں۔اگر ہم یہ اصول اپنائیں جو اللہ کریم نے ہمیں عطا فرمائے ہیں جن کی حدود وقیود کا تعین محمد الرسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے اگر مسلمان معاشرے ان پر عمل پیرا ہوں تو ایسی صورت حال نہ پیش آئے۔اللہ کریم وطن عزیز کی حفاظت فرمائیں اور شہداء کی قربانیاں قبول فرمائیں۔

بقیہ 51

ایڈووکیٹ، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری صورت خان کاکڑ، ضلع معاون نصیب اللہ نیازی نے خطاب کیا۔کانفرنس میں عنایت اللہ بڑیچ علاقائی سیکرٹری، وحید خان سینئر معاون سیکرٹری، عطاء اللہ اطلاعات سیکرٹری، نصیب اللہ مالیات سیکرٹری، غفار خان رابطہ سیکرٹری، شمشاد خان، ایوب خان، جان آغا اور ناصر خان معاونین منتخب ہوئے۔جبکہ منتخب کابینہ سے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان نے حلف لیا۔کانفرنس میں پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان اور دیگر صوبائی وضلعی اراکین بھی شریک تھے۔مقررین نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے منتخب کابینہ کو مبارکباد پیش کیا اور کہا کہ پارٹی کو بجا طور پر امید ہے کہ وہ علاقے میں پارٹی کو منظم وفعال بنانے اور پارٹی کے محبوب چیئرمین، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر ملی مشر محمود خان اچکزئی کی قیادت میں جاری قومی سیاسی جمہوری جدوجہد میں کسی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے

بقیہ 52

مطابق کی گئی ہیں یا نہیں۔شہری، سماجی اور عوامی حلقوں نے حکومت بلوچستان، محکمہ صحت، پی پی ایچ آئی ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کمشنر نصیرآباد اور دیگر متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ تمام مشتبہ اسناد کی فوری فرانزک اور ادارہ جاتی تصدیق کرائی جائے۔اگر کسی ملازم کی تعلیمی اسناد غیر مستند یا جعلی ثابت ہوں تو ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے، جبکہ حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں۔پی پی ایچ آئی انتظامیہ کا مؤقف خبر فائل ہونے تک موصول نہیں ہو سکا۔مؤقف موصول ہونے کی صورت میں اسے بھی خبر کا حصہ بنایا جائے گا۔

بقیہ 53

اور سرمایہ کاری کے فقدان نے عام شہری کی زندگی کو شدید متاثر کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ قومی معیشت کی بحالی کے لیے تمام سیاسی ومعاشی اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لے کر ایسی پالیسیاں تشکیل دے جو عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کریں۔زراعت، صنعت، معدنیات، توانائی اور برآمدات کے شعبوں پر خصوصی توجہ دے کر ملکی معیشت کو مضبوط بنیادوں پر استوار کیا جاسکتا ہے۔سید امان شاہ نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے، لیکن مناسب منصوبہ بندی اور سرمایہ کاری نہ ہونے کی وجہ سے یہاں کے عوام آج بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔اگر بلوچستان کے وسائل کو شفاف اور منصفانہ انداز میں بروئے کار لایا جائے تو نہ صرف صوبہ بلکہ پورے ملک کی معاشی صورتحال میں نمایاں بہتری لائی جاسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار، تاجروں اور صنعتکاروں کو سہولیات فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تا کہ روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں اور نوجوانوں کو باعزت روزگار میسر آسکے۔

بقیہ 54

بلوچستان میں ایک مرتبہ پھر بدامنی، خوف وہراس اور خانہ جنگی کی فضا پیدا کرنے کی ایک سوچی سمجھی سازش کا تسلسل ہے۔ترجمان نے کہا کہ حملہ آوروں کو مقامی سطح پر مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا، جس کے نتیجے میں انہیں پسپائی اختیار کرنا پڑی، جبکہ اس دوران مینگل کوٹ میں متعدد گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا۔اس تمام صورتحال کی ذمہ داری ان عناصر پر عائد ہوتی ہے جو ریاستی سرپرستی میں ڈیتھ اسکواڈز کو استعمال کرکے بلوچستان کے سیاسی وسماجی ماحول کو مسلسل آلودہ کررہے ہیں۔بیان میں کہا گیا کہ بلوچ قومی اور قبائلی روایات میں اس نوعیت کے بزدلانہ حملوں، مسلح جتھوں کے ذریعے خوف ودہشت پھیلانے اور سیاسی اختلافات کو تشدد کے ذریعے دبانے کی کوئی گنجائش نہیں۔ڈیتھ اسکواڈز کے ذریعے بلوچ معاشرے کو تقسیم کرنے، قبائل کو آمنے سامنے لانے اور سیاسی کارکنوں کو نشانہ بنانے کی پالیسی نہ صرف قابل مذمت ہے بلکہ بلوچستان کے امن کے خلاف کھلی جارحیت ہے۔مرکزی ترجمان نے کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی واضح کرنا چاہتی ہے کہ ڈیتھ اسکواڈز کو دوبارہ متحرک کرکے حالات کو خراب کرنے کی ہر کوشش کی بھرپور مزاحمت کی جائے گی

بقیہ 55

بسم اللہ خان کاکڑ، کاشف کسی، ماسٹر عبدالرزاق، ظفر بازی، محمد انور، مشتاق احمد، عبدالمالک ناصر اور عبدالغفور لانگو شامل تھے۔ملاقات کے دوران صدر غلام قادر زہری نے اے پی سی اے اریگیشن یونٹ کی نومنتخب کابینہ کا نوٹیفکیشن سیکرٹری اریگیشن کو پیش کیا۔سیکرٹری سہیل الرحمن بلوچ نے نومنتخب کابینہ کو مبارکباد دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ تنظیم ملازمین کی فلاح وبہبود اور ادارے کی بہتری کیلئے مثبت کردار ادا کرے گی۔اس موقع پر صدر غلام قادر زہری نے سیکرٹری اریگیشن کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ اریگیشن کے ملازمین کا سب سے بڑا مسئلہ سرکاری رہائشی کوارٹرز کی عدم دستیابی ہے۔انہوں نے سیکرٹری اریگیشن سے درخواست کی کہ ملازمین کیلئے کوارٹرز کی تعمیر کے منصوبے کو جلد عملی شکل دی جائے۔صدر غلام قادر زہری، جنرل سیکرٹری بسم اللہ خان کاکڑ اور نائب صدر کاشف کسی نے سیکرٹری اریگیشن کو کوارٹرز منصوبے سے متعلق تفصیلی تجویز بھی پیش کی

بقیہ 57

علاقائی اور قومی حالات میں دانشمندانہ فیصلوں، بہترین حکمت عملی اور غیر معمولی قائدانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے نہ صرف ملکی سلامتی کو یقینی بنایا بلکہ عالمی سطح پر پاکستان کے وقار اور مثبت تشخص کو بھی مزید مستحکم کیا سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ پاکستان نے دنیا پر واضح کردیا ہے کہ وہ امن، استحکام، ذمہ دارانہ پالیسی اور خطے میں پائیدار امن وسلامتی کے فروغ پر یقین رکھتا ہے۔انہوں نے کہا کہ قومی سلامتی کے تحفظ، سرحدوں کے دفاع اور دہشت گردی کے خلاف مؤثر اقدامات میں پاک افواج کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، جنہیں پوری قوم قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے

بقیہ 58

تمیزالدین کھوسہ، پٹواری عامر کریم جروار اور میونسپل کمیٹی کے عملے نے حصہ لیا۔عوامی شکایات موصول ہونے پر بشیر احمد داوی کی گوشت کی دکان کا معائنہ کیا گیا، جہاں سے مشتبہ گوشت برآمد ہوا۔ٹیم نے فوری طور پر گوشت اپنی تحویل میں لے کر ویٹرنری اصولوں اور مقررہ ایس او پیز کے مطابق تلف کردیا تا کہ اسے دوبارہ فروخت یا استعمال نہ کیا جا سکے۔کارروائی کے دوران دکان کا بلدیاتی لائسنس نہ ہونے پر دکان کو سیل کر دیا گیا، جبکہ گوشت فروش پر 10 ہزار روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ضلعی انتظامیہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ عوام کی صحت سے کھیلنے، غیر معیاری یا مضر صحت گوشت فروخت کرنے اور متعلقہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائیاں جاری رہیں گی

بقیہ 59

انسانیت، بلوچستان کے امن اور پاکستان کے دشمن ہیں جن کا کوئی مذہب، قوم یا انسانیت سے تعلق نہیں۔انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ ماشکیل کا افسوسناک واقعہ انتہائی دلخراش اور ناقابل برداشت ہے۔مزدور اپنے خاندانوں کے رزق کی تلاش میں گھروں سے نکلتے ہیں، انہیں بے دردی سے قتل کرنا بدترین بربریت اور سفاکیت ہے۔ایک مزدور کی شہادت صرف ایک فرد کا نقصان نہیں بلکہ اس کے پورے خاندان کے مستقبل پر حملہ ہے، کیونکہ وہ اپنے اہل خانہ کا واحد کفیل اور سہارا ہوتا ہے۔جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ گزشتہ کچھ عرصے کے دوران بلوچستان میں دہشت گردی کے مختلف واقعات میں بے گناہ شہریوں کا خون بہایا گیا ہے، جس سے پوری قوم غمزدہ ہے۔دہشت گردوں کا مقصد بلوچستان کے امن، ترقی، بھائی چارے اور قومی یکجہتی کو نقصان پہنچانا ہے

بقیہ 60

چیف انجینئر محمد بشیر ناصر نے ڈسٹرکٹ کمپلیکس پر جاری تعمیراتی کام پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ افسران اور عملے کی کارکردگی کو سراہا۔تاہم صحبت پور بائی پاس منصوبے کے کنٹریکٹر کو سختی سے ہدایت کی کہ منصوبے کی تکمیل میں مزید تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، لہٰذا کام کی رفتار تیز کرتے ہوئے اسے مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔محکمہ مواصلات وتعمیرات کے چیف انجینئر نصیر آباد زون بشیر ناصر نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا، جبکہ ناقص میٹریل یا غیر معیاری کام کی صورت میں متعلقہ کنٹریکٹر اور ذمہ دار افسران کے خلاف قانون اور محکمانہ قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی چیف انجینئر بشیر ناصر نے موقع پر موجود افسران کو ہدایت کی کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر منصوبوں کا خود دورہ کریں، تعمیراتی کاموں کی مسلسل نگرانی یقینی بنائیں اور کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپرواہی سے گریز کریں۔

بقیہ 61

میں ہونیوالے بدترین دہشت گردی جس کے نتیجے میں کئی قیمتی جانیں جام شہادت نوش کرچکی ہیں واقعہ کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے نااہل اور جعلی حکومت کی غفلت کوتاہی بلکہ مشکوک عمل قرار دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پانی کی ٹینک کیلئے 30 سے زائد پولیس اہلکاروں کو اچانک تعینات کرکے پھر انہیں دہشت گردوں سے لڑنے کیلئے بغیر اضافی اسلحے کے بھیجنا اور اُن کے بار بار کال کرنے اسلحہ ختم ہونے اور امداد مانگنے کے باوجود مدد نہ ملنے، بروقت اطلاع ملتے ہی انتظامی آفیسران اور دیگر سیکورٹی فورسز کے آفیسروں کی خاموشی اور اپنی ذمہ داری میں غفلت کے عمل کو عوام میں شکوک وشبہات بڑھا دیئے ہیں۔بیان میں کہا گیا ہے کہ وزیراعلیٰ، گورنر، حکومتی وریاستی عہدیدار شہدائے زیارت کے لواحقین کے جاری دھرنے کے تمام مطالبات فی الفور حل کرے

بقیہ 62

کی کارکردگی، فنی حالت اور آپریشنل استعداد کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ تمام فعال مشینری کو فوری طور پر شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی، گندگی کے خاتمے اور کچرے کی بروقت منتقلی کے لیے استعمال میں لایا جائے تا کہ شہریوں کو صاف، ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کیا جا سکے۔چیف آفیسر سکندر علی تنیو نے کہا کہ میئر میر مظفر خان جمالی کے وژن کے مطابق شہر میں صفائی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور بلدیاتی خدمات کے معیار کو مزید بہتر بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ صفائی مشینری کی بروقت مرمت، سروسنگ اور مسلسل دیکھ بھال سے نہ صرف صفائی مہم کی رفتار میں اضافہ ہوگا بلکہ شہر کے تمام علاقوں میں مؤثر انداز میں صفائی کو یقینی بنایا جا سکے گا۔انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ صفائی کے دوران غفلت یا لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام اہلکار اپنی ذمہ داریاں پوری ایمانداری، ذمہ داری اور مستعدی کے ساتھ انجام دیں

بقیہ 63

کرتے ہوئے کہا کہ کربلا میں دیا گیا نواسہ رسول صہ حضرت امام حسین کا سجدہ تا قیامت یاد رکھا جائے گا اور نواسہ رسول صہ و دیگر شہداء ؒ کربلا کی دی گئی عظیم قربانی کی آج تک دنیا میں مثال نہیں ملتی انہوں نے مزید کہا کہ حسن اور حسین رضہ جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں اور نبی اکرم صہ نے فرمایا حسین مجھ سے ہے اور میں صہ حسین رضہ سے ہوں محفل میں جماعت اصلاح المسلمین جمعیت علماء ؒ طاہریہ وروحانی طلبہ کے رہنماؤں خلیفہ خالد علی کلبار، جھانگیر بروہی، علامہ فخرالدین کھوسہ، ذوالفقار کھوسہ سمیت مختلف برانچز کے عہدیداران و اہل محلہ نے شرکت کی آخر میں ملک وقوم کی ترقی و خوشحالی سمیت امت مسلمہ اور اتحاد اسلامی ممالک کیلئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔

بقیہ 64

، عبدالرشید بھٹو، قاری محمد عثمان بھٹو، حاجی مختیار احمد، محمد ابراہیم بڑڑو اور دیگر رہنماؤں کی قیادت میں احتجاجی مظاہرہ نکالا گیا۔مظاہرین شہر کی مختلف سڑکوں سے ہوتے ہوئے امروٹی چوک پہنچے، جہاں مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سندھ میں زرعی پانی کی مصنوعی قلت کے باعث کاشتکار شدید بحران کا شکار ہیں، جبکہ مرزا شاخ میں پانی نہ ہونے سے ہزاروں ایکڑ زرعی اراضی متاثر ہورہی ہے اور فصلیں تباہ ہورہی ہیں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ سندھ کے آئینی حصے کا پانی فوری طور پر فراہم کیا جائے اور مرزا شاخ میں بلا تاخیر پانی چھوڑا جائے تا کہ کاشتکاروں کو مزید نقصان سے بچایا جاسکے۔مقررین نے مزید کہا کہ پریا کماری اور فضیلہ سرکی کی گمشدگی انتہائی افسوسناک ہے، حکومت اور متعلقہ ادارے دونوں بچیوں کو فوری طور پر بازیاب کرا کے ان کے اہل خانہ کو انصاف فراہم کریں۔انہوں نے خبردار کیا کہ اگر زرعی پانی کی قلت کا مسئلہ فوری حل نہ کیا گیا اور پریا کماری وفضیلہ سرکی کو جلد بازیاب نہ کرایا گیا تو جمعیت علماء اسلام احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کرے گی، جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت اور متعلقہ اداروں پر عائد ہوگی۔

بقیہ 65

خان اوڈھو، شوکت علی کھنبو، بابر تھیم کامران پیچوہو اور دیگر رہنماؤں نے کی۔ریلی جلھرانی ہاؤس سے شروع ہو کر پریس کلب تک مارچ کی شکل میں نکالی گئی۔مظاہرین نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا کر شہر کا چکر لگایا اور پریس کلب پہنچ کر دھرنا دیا۔ریلی کے شرکاء ؒ نے سندھ میں پانی کی قلت کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مقررین کا کہنا تھا کہ بھارت کی جانب سے "سندھ طاس معاہدے" کو یکطرفہ طور پر معطل کرنا بین الاقوامی معاہدے کی واضح خلاف ورزی ہے۔دریائے سندھ اور اس کا پانی ہماری انسانی بقا اور زندگی ہے، جس کی ہم مرتے دم تک حفاظت کرتے رہیں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں ہم سندھ کے حقوق کی حفاظت کے لیے ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے۔سندھ کا پانی سندھ کا ہے اور اس پر کسی کو بھی قبضہ کرنے نہیں دیں گے۔پی پی کے جیالے اب سڑکوں پر نکل آئے ہیں۔

بقیہ 66

پاس روڈ نہ ہونے کی وجہ سے شہر میں چھوٹے بڑے گاڑیوں کی رش لگی رہتی ہے اور لوگوں کا چلنا پھرنا بھی دشوار بنا ہے آئے روز شہر میں روڈ حادثے معمول بنے رہتے ہیں اس لئے بائی پاس روڈ کے کام کو بنا دیر شروع کر کے مکمل کیا جائے تا کہ شہریوں کو اس دشواری سے نجات مل سکے

بقیہ 67

عوامی مقامات پر تیزی سے کام کر رہا ہے تا کہ موسم گرما میں گندگی کی وجہ سے وبائی بیماریاں نہ پھیلیں۔عوامی حلقوں کے مطابق، شہریوں کی صحت کا تحفظ میونسپل کارپوریشن کی اولین ترجیح ہے اور شہر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔صفائی کے نظام کو مزید فعال بنانے اور شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔

بقیہ 68

ندی میں نہاتے ہوئے ڈوب گئے تاہم کئی گھنٹوں کی ریسکیو آپریشن کے بعد لاش نکال لی گئی لاش گھر آنے پر کہرام مچ گیا قریبی رشتہ داروں کے مطابق فرحال کی اگلے مہینے شادی کی تیاری ہورہی تھی جبکہ دوسری جانب ڈپٹی کمشنر حب کی جانب سے حب میں نہانے اور پکنک منانے پر پابندی عائد ہے مگر اس پابندی پر انتظامیہ عمل درآمد کرانے میں مکمل ناکام نظر آرہی ہے

بقیہ 69

کیلئے سول اسپتال گئے اور اسپتال پہنچ کر بچوں اور بچیوں کی خیریت دریافت کی سول اسپتال میں انتظامات کا جائزہ لیا، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق صوبائی وزیر مقبول احمد شیخ نے کہا کہ چھٹیوں کے دوران اتوار والے دن بچوں اور بچیوں کو بلانا سمجھ سے باہر ہے اور کس سے لئے بلایا گیا اور جو بھی اس میں ملوث ہوگا وہ سزا کا مراتب ضرور ہوگا اور بچوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے کسی صورت رعایت کے مستحق نہیں، ڈپٹی کمشنر شکارپور کو درخواست کی ہے اس بڑے اور افسوسناک واقعے پر انکوائری کروا کے جوڈیشل کمیشن بنائیں تا کہ حقائق معلوم ہوسکے، سول اسپتال کے انتظامات کے موقع پر کہا کہ سول اسپتال مکمل فعال ہے اور ایمرجنسی وارڈ میں ایک ایئر کنڈیشن کی ضرورت تھی جو میں نے اپنی طرف سے ڈونیٹ کردی ہے اور آج ہی لگ جائے گی۔

بقیہ 70

واضح پالیسی پر کوئٹہ سمیت صوبے کی ساتوں رینجز میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس رکھنے اور قانون پسند شہری کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے خصوصی مہم جاری ہے۔پریس ریلیز کے مطابق جاری مختلف کارروائیوں کے دوران گرفتار ملزمان کے قبضے سے 93 ریوالور و پسٹل، 10 کلاشنکوف، 8 شارٹ گن، 544 گولیاں اور کارتوس جبکہ 78 میگزین بھی برآمد کیے گئے۔بلوچستان پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں 96 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 153 کلو 792 گرام چرس، 8 کلو 565 گرام شیشہ اور 120 پڑیاں آئس شیشہ، 560 گرام افیون، 226 گرام اور 210 پڑیاں ہیروئن، 124 کلوگرام خشک بھنگ، 660 عدد دیسی اور ولایتی شراب کی بوتلیں اور 144 بیئر کین برآمد کیں۔پریس ریلیز کے مطابق مہم کے دوران 58 اشتہاری، 272 مفرور اور مختلف جرائم میں ملوث 615 ملزمان کو حراست میں لیا گیا جبکہ 11 مغویوں کو بحفاظت بازیاب کرایا گیا

بقیہ 71

سے تعزیت واظہار ہمدردی کیا شہداء ؒ کے درجات بلندی زخمیوں کی جلد صحت یابی اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔اس موقع پر رہنماؤں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس اسلام کے مضبوط علمی و فکری مراکز ہیں مدارس دشمن عناصر کی مذموم سازشیں بھی کامیاب نہیں ہونے دی جائیں گی۔جامعہ امدادیہ کے معصوم اور بے گناہ طلبہ کو نشانہ بنانے والے درندہ صفت دہشت گرد انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔پھول جیسے ننھے بچوں کو بارودی مواد سے نشانہ بنانا سفاکیت بربریت اور بدترین حیوانیت کی عکاسی کرتا ہے۔جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔

بقیہ 72

پر جاری دھرنے میں خواتین، بزرگ اور عام شہری کئی روز سے موجود ہیں، اس لیے ضروری ہے کہ تمام فریق صبر تحمل اور بردباری کا مظاہرہ کریں۔انہوں نے زور دیا کہ اختلافات اور مطالبات کا دیرپا حل صرف بامقصد مذاکرات، باہمی اعتماد اور آئین وقانون کے دائرے میں رہتے ہوئے ممکن ہے، جبکہ طاقت یا تلخی کسی بھی مسئلے کا مستقل حل نہیں ہوسکتی۔سید صادق آغا نے وفاقی وصوبائی حکومت، متعلقہ حکام اور سیکورٹی اداروں سے اپیل کی کہ وہ انسانی ہمدردی، حساسیت اور فراخ دلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مذاکرات کے عمل کو مزید مؤثر بنائیں تا کہ شہداء کے لواحقین اور دھرنا کمیٹی کے جائز تحفظات کا قابل قبول حل نکالا جاسکے۔انہوں نے دھرنے کے شرکاء سے بھی درخواست کی کہ وہ اپنے احتجاج کو ہمیشہ پرامن رکھیں اور ایسے ہر اقدام سے گریز کریں

بقیہ 73

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد، دیگر پولیس افسران، مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندگان، انجمن تاجران کے عہدیداران، قبائلی عمائدین، سماجی شخصیات اور معززشہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجلاس کے آغاز میں ضلع لورالائی اور پورے خطے میں امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی گئی، جبکہ حالیہ دہشت گردی کے واقعات، ان کے اثرات اور امن واستحکام کے لیے اختیار کیے گئے سیکورٹی اقدامات پر بھی شرکاء ؒ کو اعتماد میں لیا گیا۔ڈی آئی جی لورالائی رینج جنید احمد شیخ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی اولین ذمہ داری ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں اور کسی کو بھی علاقے کے امن کو سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

نصیرآباد، کمشنر صلاح الدین نورزئی سے چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی زرعی پانی و دیگر امور تبادلہ خیال کر رہے ہیں

پانی چوری کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر آفیسران عملدرآمد کو یقینی بنارہے ہیں' قربان علی جتوئی

محکمہ اریگیشن کے آفیسران اور عملہ ہمہ وقت مستعد ہے' ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال

نصیرآباد(خ ن) صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی اور صوبائی سیکرٹری اپاشی سہیل الرحمان بلوچ کے احکامات پر پٹ فیڈر کینال سے پانی چوری کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر آفیسران عملدرآمد کو یقینی بنارہے ہیں صوبائی وزیر اور صوبائی سیکرٹری کے احکامات کو عملی جامہ پہنانے کیلئے چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی خود فیلڈ میں موجود ہیں جن کی نگرانی میں زرعی پانی کی تقسیم کار کا عمل جاری ہے اس کے ساتھ ساتھ پٹ فیڈر کینال اریگیشن انتظامیہ حقدار زمینداروں کو ان کا جائز پانی فراہم کرنے کیلئے عملی طور پر جدوجہد کررہے ہیں خریف کے عروج سیزن کے (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نعمان مندوخیل کی عیادت کررہے ہیں

میونسپل کمیٹی لورالائی کا صفائی وستھرائی مہم میں تیزی

مردہ جانوروں کو فوری طور پر محفوظ طریقے سے تلف کرنے کا عمل جاری

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) میونسپل کمیٹی لورالائی نے شہر میں صفائی، حفظانِ صحت اور عوامی فلاح کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی صفائی مہم کو مزید مؤثر بنادیا ہے۔ اس سلسلے میں مختلف علاقوں، محلوں، شاہراہوں اور عوامی مقامات سے مردہ کتوں اور دیگر مردہ جانوروں کو فوری طور پر اٹھا کر محفوظ اور سائنسی اصولوں کے مطابق تلف کیا جارہا ہے تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا، صحت (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کیلئے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابلِ فخر ہیں' عثمان گورگیج

کوئٹہ(خ ن) پاکستان انٹرنیشنل ہیومن رائٹس آرگنائزیشن بلوچستان کے چیئرمین میر عثمان گورگیج نے بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف جاری آپریشن "شعبان" میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو سراہتے (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

کوہلو نیشنل پریس کلب کے اعلیٰ سطحی وفد کا کوئٹہ کا اہم دورہ

کوہلو کے صحافی محدود وسائل کے باوجود عوامی مسائل کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں

کوہلو (نامہ نگار) نیشنل پریس کلب کوہلو کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کا اہم دورہ کیا، جس کے دوران وزیرِ اعلیٰ سیکرٹریٹ، گورنر ہاؤس، سول سیکرٹریٹ، کوئٹہ پریس کلب، کمشنر آفس، پوادی ہاؤس اور نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سمیت مختلف اہم اداروں اور مقامات کا دورہ کیا گیا، وفد میں نیشنل پریس کلب کوہلو کے صدر محمد راشد مری، نائب (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

نیشنل پریس کلب کوہلو کے وفد کا کوئٹہ پریس کلب کے دورے کے موقع پر عرفان سعید اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

انسدادِ پولیو مہم کے دوران ہر بچے کو پولیو کے حفاظتی قطرے لازمی پلوائیں

چمن (خ ن) چمن میں 13 جولائی 2026 سے شروع ہونے والی خصوصی انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں چمن پریس کلب میں ایک مشترکہ پریس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ پریس کانفرنس سے ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال چمن ڈاکٹر محمد اویس، چیئرمین ضلع کونسل (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان کا ماشکیل میں نہتے مزدوروں کے قتل پر گہرے دکھ اور افسوس

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے بلوچستان کے علاقے ماشکیل میں پنجاب سے تعلق رکھنے والے نہتے مزدوروں کے قتل پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ہر مزدور صرف ایک مزدور نہیں ہے بلکہ وہ اپنے پورے خاندان کا واحد کفیل اور سہارا ہے۔

پی پی ایچ آئی نصیرآباد میں مبینہ جعلی تعلیمی اسناد پر بھرتیوں کے الزامات، شفاف تحقیقات کا مطالبہ

تمام مشتبہ اسناد کی فوری فرانزک اور ادارہ جاتی تصدیق کرائی جائے

نصیرآباد (رپورٹ محمد یونس عمرانی) پی پی ایچ آئی نصیرآباد میں بعض ملازمین کی تعلیمی اسناد کے حوالے سے سنگین الزامات سامنے آئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق چند اسناد کی صداقت پر سوالات اٹھائے جا رہے ہیں، جس کے بعد معاملے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ زور پکڑ گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ متعلقہ سرٹیفکیٹس اور تعلیمی ریکارڈ کی جانچ پڑتال کے لیے متعلقہ اداروں سے تصدیق کرائی جانی چاہیے تاکہ یہ واضح ہو سکے کہ بھرتیاں تمام قانونی (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

ڈی آئی جی لورالائی کے زیرِ صدارت آل پارٹیز، انجمن تاجران اور سول سوسائٹی کا اہم اجلاس

عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی اولین ذمہ داری ہے' جنید احمد شیخ

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) ضلع لورالائی میں امن و امان کی موجودہ صورتحال، حالیہ دہشت گردی کے واقعات اور عوامی تحفظ سے متعلق امور کا جائزہ لینے کے لیے ڈی آئی جی لورالائی رینج جنید احمد شیخ کی زیرِ صدارت آل پارٹیز، انجمن تاجران، سول سوسائٹی اور (بقیہ 73 صفحہ 3 پر)

خواتین کی فلاح و ترقی کے مشترکہ اہداف کے حصول کیلئے ایک مؤثر پلیٹ فارم پر یکجا ہیں ربابہ بلیدی

او آئی سی رکن ممالک خواتین کی فلاح و ترقی کے مشترکہ اہداف کے حصول کیلئے ایک مؤثر پلیٹ فارم پر یکجا ہیں

کانفرنس کی صدارت مصر سے پاکستان کو منتقل ہونا ایک اہم پیش رفت ہے' مشیر برائے محکمہ ترقیِ نسواں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقیِ نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے پاکستان میں نویں او آئی سی وزارتی کانفرنس برائے خواتین کے انعقاد پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اہم بین الاقوامی فورم پاکستان کیلئے باعثِ فخر ہے اور اس سے عالمی سطح پر خواتین کی ترقی، مساوی مواقع اور بااختیار بنانے کے حوالے سے ملک کے مؤقف کو مزید تقویت ملے گی۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

کچھ عناصر شہداء کے جنازوں پہ سیاست کررہے ہیں' نور محمد دمڑ

زرغون غر، مانگی، خوست، کواہ، خلیفت اور ڈومیارہ سمیت جہاں کہیں بھی دہشتگرد چھپے ہوئے ہیں، فورسز ان کا تعاقب کرکے انہیں نشانہ بنارہی ہیں

اگر یہ لوگ واقعی غمزدہ ہوتے تو شہداء کے جنازوں میں شریک ہوتے اور لواحقین کے گھروں جا کر ان کا غم بانٹتے، صوبائی وزیر

زیارت (این این آئی) صوبائی وزیر خوراک بلوچستان حاجی نور محمد خان دمڑ نے سانحہ زیارت کچ میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کے اہلخانہ سے اظہارِ تعزیت کیلئے زیارت اور سنجاوی کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض، ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی، ڈسٹرکٹ چیئرمین زیارت عبدالستار کاکڑ، چیئرمین میونسپل کمیٹی حاجی خان محمد دمڑ، حاجی باز محمد خان (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

زرعی پانی کی فراہمی کے نظام کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے' میر ضرار ناصر جمالی

کاشتکاروں کے مفادات کا ہر صورت تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے

گنداخہ (نامہ نگار) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی کی خصوصی ہدایات پر میر ضرار ناصر خان جمالی نے محکمہ اریگیشن کے اعلیٰ افسران کے ہمراہ کھیرتھر کینال سے نکلنے والی مختلف ذیلی شاخوں کا تفصیلی دورہ کیا اور زرعی پانی کی منصفانہ، شفاف اور بروقت تقسیم کو یقینی بنانے کے لیے موقع پر ہی ضروری اقدامات کیے۔ شدید گرمی اور تپتی دھوپ (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

گنداخہ، سردارزادہ فیصل خان جمالی کی خصوصی ہدایات پر میر ضرار ناصر خان جمالی متحرک زرعی پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے عملی اقدامات کاشتکاروں میں اطمینان

انٹرنیشنل فزکس اولمپیاڈ: پاکستان نے تین تمغے جیت لیے

بوکارامانگا (این این آئی) پاکستانی طلبا نے 56 ویں انٹرنیشنل فزکس اولمپیاڈ میں تین کانسی کے تمغے جیت لیے۔ جنوبی امریکا کے ملک کولمبیا کے شہر بوکارامانگا میں 4 سے 12 جولائی تک منعقد ہونے والے اس عالمی مقابلے میں 90 سے زائد ممالک کے 400 سے زیادہ طلبا نے شرکت کی۔

مچھ' ٹریفک حادثے میں 3 افراد جاں بحق

سبی (این این آئی) ضلع بولان کے علاقے مچھ کے قریب خوفناک ٹریفک حادثہ، تین افراد جاں بحق، لاشوں کو سول ہسپتال مچھ منتقل کردیا گیا ہے، جانبحق افراد کا تعلق سندھ سے ہے۔ بولان کے علاقے مچھ کے قریب مزدا ٹرک اور شہزور گاڑی کے درمیان ہولناک تصادم کے نتیجے میں تین افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، جس کے نتیجے میں موقع پر ہی تین افراد زندگی کی بازی ہار گئے

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ عوام دشمن فیصلہ ہے' سید امان شاہ

پاکستان میں پٹرول 310.71 روپے فی لیٹر، جبکہ سعودی عرب، قطر، کویت اور ملائیشیا میں نمایاں سستا ہیں

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کے اس فیصلے نے پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی مشکلات کا شکار عوام پر مزید بوجھ ڈال دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ایک مرتبہ پھر عوامی مفادات کو نظرانداز کرتے ہوئے پٹرول کی قیمت 310.71 روپے فی لیٹر مقرر کردی ہے، جس کے اثرات ہر شعبہ زندگی (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

بلدیاتی ضمنی انتخاب شہید میر اسلم خان عمرانی کے عوامی خدمت کے مشن کا تسلسل ہے، میر نعیم عمرانی

عوام نے اعتماد کیا تو وارڈ نمبر 23 کو ترقی، خوشحالی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کا مثالی وارڈ بنائیں گے، امیدوار جنرل کونسلر

گنداخہ (نامہ نگار) جمیعت علمائے اسلام کے مرکزی رکن، ضلعی جنرل سیکرٹری اور میونسپل کارپوریشن اوستا محمد کے وارڈ نمبر 23 سے امیدوار برائے جنرل کونسلر میر نعیم خان عمرانی نے کہا ہے کہ بلدیاتی ضمنی انتخاب میں حصہ لینے کا مقصد صرف کامیابی حاصل کرنا نہیں بلکہ اپنے شہید بھائی میر اسلم خان عمرانی کے عوامی خدمت، دیانتداری اور فلاحی وژن کو عملی طور پر آگے بڑھانا ہے۔ عوام کی خدمت ہی ہماری سیاست کا محور اور اصل مقصد ہے۔ انہوں نے (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

پختہ تعمیراتی عمل حکومت کی خدمت کا تسلسل کا حصہ ہے' بشیر ناصر

صحبت پور (خ ن) چیف انجینیر تعمیرات نصیرآباد زون بشیر ناصر نے کہا ہے کہ پختہ تعمیراتی عمل حکومت کی خدمت کا تسلسل کا حصہ ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے احکامات اور صوبائی وزیر (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

وفاقی وصوبائی ٹیکسز، دھودر مائننگ کمپنی منصوبے کے چیئرمین کا خدشات کا اظہار

ٹیکسز اور دیگر غیر ضروری سمیت بیوروکریسی کی رکاوٹوں کو دور کیا جائے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایم سی سی ہوائے دھودر مائننگ کمپنی منصوبے کے چیئرمین ہوپانگ (Liangeng Zhang) نے کہا ہے کہ بلوچستان میں بیرونی سرمایہ کاری کے وافر مواقع موجود ہیں لیکن بیرونی سرمایہ کاروں کو صوبے کی تعمیر وترقی میں حصہ بنانے کے لئے ٹیکسز اور دیگر غیر ضروری سمیت بیوروکریسی کی رکاوٹوں کو دور کیا جائے تاکہ یہاں (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

دھودر مائننگ کمپنی منصوبے کے چیئرمین ہوپانگ مختلف شعبوں کا معائنہ کررہے ہیں

شہباز شریف کا دورہ مزید مایوسی کا سبب بنا' پروفیسر حلیم صادق

چند منٹ اجلاس کی صدارت سے بلوچستان کے مسائل حل نہیں ہوں گے

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کا حالیہ دورہ؟ بلوچستان صوبے کے عوام کی توقعات پر پورا نہیں اتر سکا اور یہ دورہ بلوچستان کے عوام کے ساتھ مذاق کے مترادف ثابت ہوا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم صرف چند منٹ اجلاس کی صدارت کرکے واپس اسلام آباد روانہ ہوگئے، جس سے یہ تاثر مزید مضبوط ہوا کہ وفاقی حکومت بلوچستان کے سنگین مسائل کو وہ اہمیت نہیں دے (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

سانحہ زیارت مانگی کچھ کے خلاف آل پارٹیز کی اپیل پر لورالائی پشین اور قلعہ سیف اللہ میں احتجاجی اجتماعات

کوئٹہ (این این آئی) آل پارٹیز انجمن تاجران اور سول سوسائٹی کے زیر اہتمام سانحہ زیارت اور سانحہ ہنہ اوڑک کے خلاف ضلع لورالائی ضلع پشین اور ضلع قلعہ سیف اللہ میں بڑے احتجاجی اجتماعات اور ریلیوں کا انعقاد کیا گیا احتجاج میں سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

دین اسلام کے اصول زندگی کے ہر پہلو میں ہماری رہنمائی فرماتے ہیں' امیر عبدالقدیر

جسے بھی ایمان کی حالت میں نبی کریم ﷺ کی صحبت نصیب ہوئی وہ درجہ صحابیت کو پا گئے

کوئٹہ (پ ر) دین اسلام نے بندہ مومن کو غلامی کی زنجیروں سے نکال کر وہ خوبصورت زندگی عطا فرمائی ہے جو ذہنی غلامی سے آزاد کرکے ایک ذات وحدہ لا شریک کی اطاعت میں لے آتی ہے۔ جسے بھی ایمان کی حالت میں نبی کریم ﷺ کی صحبت نصیب ہوئی وہ درجہ صحابیت کو پا گئے۔ آپ ﷺ امام الانبیاء ہیں آپ جب بھی کسی معاملے میں یا نزول قرآن کے وقت پوچھتے کہ (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان جمعۃ المبارک کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

تمام مشتبہ اسناد کی فوری فرانزک اور ادارہ جاتی تصدیق کرائی جائے' عوامی حلقے

پی پی ایچ آئی نصیرآباد میں مبینہ جعلی تعلیمی اسناد پر بھرتیوں کے الزامات، شفاف تحقیقات کا مطالبہ

باباکوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) پی پی ایچ آئی نصیرآباد میں بعض ملازمین کی تعلیمی اسناد کے حوالے سے سنگین الزامات سامنے آئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق چند اسناد کی صداقت پر سوالات اٹھائے جا رہے ہیں، جس کے بعد معاملے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ زور پکڑ گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ متعلقہ سرٹیفکیٹس اور تعلیمی ریکارڈ کی جانچ پڑتال کیلئے متعلقہ اداروں سے تصدیق کرائی جانی چاہیے تاکہ یہ واضح ہو سکے کہ بھرتیاں تمام قانونی تقاضوں کے (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

حکومت غیر ذمہ دار اور عوامی مسائل سے لاعلم ہے' حامد خان اچکزئی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ تحصیل صدر سے مربوط ترخہ بدہ علاقائی یونٹ کانفرنس تحصیل سیکرٹری نعیم پیر علیزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ کانفرنس سے پارٹی کے مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری حضرت عمر (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

دشمن کے ناپاک عزائم کو ہر محاذ پر ناکام بنایا جارہا ہے' فیصل جمالی

پاکستان کی مسلح افواج ملکی دفاع اور قومی سلامتی کے لیے ہر قربانی دینے کی صلاحیت رکھتی ہیں

گنداخہ (نامہ نگار) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی مدبرانہ، پیشہ ورانہ اور مؤثر قیادت میں پاکستان ترقی، استحکام اور خوشحالی کی جانب مضبوطی سے گامزن ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے مشکل ترین (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

وڈھ مینگل کوٹ میں ریاستی سرپرستی میں سرگرم ڈیتھ اسکواڈ کا حملہ قابل مذمت ہے' بی این پی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے وڈھ مینگل کوٹ میں ریاستی سرپرستی میں سرگرم ڈیتھ اسکواڈ کی جانب سے کیے گئے مسلح حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ حملہ (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

پائیدار معاشی استحکام کیلئے شفاف پالیسوں کی ضرورت ہے' سید امان شاہ

ملکی معیشت کی بحالی کیلئے فوری اور مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ صوبائی صدر عوام پاکستان پارٹی

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش معاشی چیلنجز انتہائی سنگین صورت اختیار کر چکے ہیں، جن سے نکلنے کے لیے وقتی اقدامات کے بجائے جامع، دیرپا اور عوام دوست معاشی پالیسیوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی، بے روزگاری، بڑھتے ہوئے قرضے، صنعتی و تجارتی سرگرمیوں میں کمی (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

مانجھی پور' بجلی کا کرنٹ لگنے سے ایک شخص زخمی

مانجھی پور (این این آئی) مانجھی پور میں بجلی کا کرنٹ لگنے سے ایک شخص زخمی تفصیلات کے مطابق مانجھی پور مین بازار میں دکان پر تعمیراتی کام کرواتے ہوئے سجن خان کھیم بجلی کا کرنٹ لگنے سے شدید زخمی ہوگئے جن کو فوری طور طبی امداد کیلئے قریبی ہسپتال منتقل کردیا گیا

صحبت پور: بیمار بکری کا گوشت فروخت کرنے پر دکان سیل، 10 ہزار روپے جرمانہ

قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائیاں جاری رہیں گی

صحبت پور (نامہ نگار وقار احمد کاکڑ) عوامی صحت کے تحفظ اور محفوظ خوراک کی فراہمی کیلئے ضلعی انتظامیہ صحبت پور نے مین بازار میں مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے مبینہ طور پر بیمار بکری کا گوشت فروخت کرنے والے گوشت فروش کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی۔ ڈپٹی کمشنر صحبت پور محترمہ فریدہ ترین کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر سیف الدین کھوسہ اور تحصیلدار شرف الدین لاشاری کی نگرانی میں ہونے والی کارروائی میں نائب تحصیلدار دیدار علی گولہ، لائیو اسٹاک آفیسر ڈاکٹر (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

ملازمین کیلئے کوارٹرز کی تعمیر کے منصوبے کو جلد عملی شکل دی جائے' غلام قادر زہری

کوئٹہ (خ ن) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (اے پی سی اے) اریگیشن یونٹ کے صدر غلام قادر زہری کی قیادت میں تنظیم کے نومنتخب کابینہ کے وفد نے سیکرٹری اریگیشن حکومت بلوچستان سہیل الرحمٰن بلوچ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد میں جنرل سیکرٹری (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

ضلعی انتظامیہ صحبت پور نے مین بازار میں مشترکہ کارروائی بیمار بکری کا گوشت فروخت کرنے والے دکان کو سیل کیا جارہا ہے

بلوچستان میں بے گناہ شہریوں اور مزدوروں کا قتل قومی سانحہ ہے' جمال شاہ کاکڑ

پوری قوم بلاامتیاز دہشت گردی کے خلاف متحد ہوکر ان قوتوں کا مقابلہ کرے جو پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنا چاہتی ہیں

دہشت گردوں کا مقصد بلوچستان کے امن، ترقی، بھائی چارے اور قومی یکجہتی کو نقصان پہنچانا ہے' رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے ماشکیل میں پنجاب سے تعلق رکھنے والے نہتے مزدوروں کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں بے گناہ شہریوں، مزدوروں، مسافروں، سرکاری اہلکاروں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوانوں کو نشانہ بنانے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ یہ (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ اللہ یار' بھوسہ گاڑیوں کا شہروں کے دشواری گلیوں میں چلنا ایک امتحان سے کم نہیں (تصویر بلوچستان آبزرور)

زیارت سانحہ کے متاثرین کو انصاف اور امن وقت کی ضرورت ہے، سید صادق آغا

دھرنے کے شرکاء اور ریاستی ادارے تحمل، بردباری اور مذاکرات سے مسئلے کا حل نکالیں۔ صوبائی نائب صدر

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے زیارت سانحہ میں شہید ہونے والے افراد کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس افسوسناک واقعے نے پورے بلوچستان کو غمزدہ کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کے لواحقین کا دکھ پوری قوم کا دکھ ہے اور ان کے جائز تحفظات کو سنجیدگی، احترام اور ذمہ داری کے ساتھ سنا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کوئلہ پھاٹک (بقیہ 72 صفحہ 3 پر)

صفائی کے دوران غفلت یا لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائیگی' سکندر علی تنیہ

صفائی مشینری کی بروقت مرمت، سروسنگ اور مسلسل دیکھ بھال سے نہ صرف صفائی مہم کی رفتار میں اضافہ ہوگا

گنداخہ: (نامہ نگار فرید احمد) میئر میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد میر مظفر خان جمالی کی خصوصی ہدایات پر چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن اوستا محمد سکندر علی تنیہ نے سروسنگ اور مرمت کے بعد میونسپل کارپوریشن کی صفائی مشینری کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مشینری (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

زیارت دہشت گردانہ واقعہ قابل مذمت ہے، دھرنے کے مطالبات کو فوری تسلیم کیئے جائیں، عمر خان ترین

پشین (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ضلعی سیکرٹری عمر خان ترین، ضلعی سینئر معاونین حاجی اکبر صاحب، اکرم خان بوستانی، واجد وطن پال اور ملک منظور اچکزئی اور دیگر ضلعی معاونین نے اپنے بیان میں ضلع زیارت (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

منصوبے کی تکمیل میں مزید تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی' بشیر ناصر

تعمیراتی کاموں کی مسلسل نگرانی یقینی بنائیں اور کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپرواہی سے گریز کریں

باباکوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) محکمہ مواصلات و تعمیرات کے چیف انجینئر نصیرآباد زون محمد بشیر ناصر نے ضلع صحبت پور میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا اس دوران انہوں نے صحبت پور بائی پاس، ڈسٹرکٹ کمپلیکس اور دیگر ترقیاتی اسکیموں کا باریک بینی سے معائنہ کیا اور جاری کاموں کے معیار اور رفتار کا جائزہ لیا۔ دورے کے موقع پر (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

چیف انجینئر نصیرآباد زون محمد بشیر ناصر صحبت پور میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کررہے ہیں

پھول جیسے ننھے بچوں کو بارودی مواد سے نشانہ بنانا سفاکیت بربریت اور بدترین حیوانیت کی عکاسی کرتا ہے' مولانا رفیق

جامعہ امدادیہ کے معصوم اور بے گناہ طلبہ کو نشانہ بنانے والے درندہ صفت دہشت گرد انسانیت کے کھلے دشمن ہیں

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینئر مولانا عبدالواسع ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حافظ شبیر احمد مدنی، حافظ مسعود احمد، حاجی ولی محمد بڑیچ، عبدالصمد حقیار، مفتی محمد ابوبکر، مولوی نقیب اللہ ملاخیل اور دیگر نے گزشتہ روز جامعہ امدادیہ سریاب روڈ پہنچ کر حالیہ دہشت گرد حملے میں شہید ہونے والے معصوم طلبہ کے لواحقین اور جامعہ کے مہتمم حضرت مولانا قاری نورالدین و اساتذہ (بقیہ 71 صفحہ 3 پر)

جیکب آباد: جماعت اصلاح المسلمین کے زیراہتمام سالانہ عظمت امام حسینؓ کانفرنس

کربلا میں نواسہ رسول صہ امام حسین رضہ کا سجدہ تاقیامت عظیم مثال ہے، علامہ اسرار احمد شر طاہری

جیکب آباد (رپورٹ انیس جلھرانی) جیکب آباد میں جماعت اصلاح المسلمین کے زیراہتمام سالانہ عظمت حضرت سیدنا امام حسین رضہ کا انعقاد کیا گیا منعقدہ کانفرنس کا خلیفہ علامہ محمد ایوب سولنگی طاہری، خلیفہ عبدالغفار کھیر طاہری، خلیفہ حاجی علی نواز سرھیو طاہری کی صدارت جامع مسجد پولیس ہیڈ کوارٹر میں ہوا اس موقع پر مقرر خاص علامہ خلیفہ اسرار احمد شر طاہری نے خطاب (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

حب ندی میں ڈوب کر ایک نوجوان جاں بحق

حب (این این آئی) حب ندی میں دفعہ 144 کے باوجود نہانے کا سلسلہ جاری نوجوان ڈوب کر جانبحق گھر میں کہرام مچ گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق اتوار کے روز بلوچ کالونی حب کے رہائشی نوجوان فرحان ولد لاشار مگسی حب (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)

سکول کی اسمبلی کے دوران غیر معیاری جوس پینے سے 60 بچوں اور بچیوں کی طبیعت بگڑ گئی

طبیعت بگڑنے کی اطلاع ملنے پر پاکستان پیپلزپارٹی کے سینئر رہنما اور سابق صوبائی وزیر مقبول احمد شیخ موقع پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئے

شکارپور (رپورٹ/شاہد گولہ) نجی آرگنائزیشن ہدایا ٹرسٹ سکول کی اسمبلی کے دوران غیر معیاری جوس پینے سے 60 بچوں اور بچیوں کی طبیعت بگڑ گئی اور اطلاع ملنے پر پاکستان پیپلزپارٹی کے سینئر رہنما اور سابق صوبائی وزیر مقبول احمد شیخ ہدایا ٹرسٹ سکول کا جائزہ لینے جائے وقوعہ پر پہنچ گئے، ہدایا ٹرسٹ انتظامیہ سے تفصیلات معلوم کرنے کے بعد بچوں اور بچیوں کی عیادت (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)

جیکب آباد: زرعی پانی کی قلت، پریا کماری اور فضیلہ سرکی کی بازیابی کیلئے جے یو آئی کا احتجاجی مظاہرہ اور نعرے

سندھ میں زرعی پانی کی مصنوعی قلت کے باعث کاشتکار شدید بحران کا شکار ہیں' مقررین

جیکب آباد (رپورٹ انیس جلھرانی) جمعیت علماء اسلام کی جانب سے سندھ میں زرعی پانی کی شدید قلت، مرزا شاخ میں پانی کی عدم فراہمی اور پریا کماری و فضیلہ سرکی کی بازیابی کے لیے جامع مسجد مبارک پور سے امیر ڈاکٹر اے جی انصاری، حاجی محمد عباس بنگلانی (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

جمعیت علماء اسلام کی جانب سے سندھ میں زرعی پانی کی شدید قلت کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا جارہا ہے

جیکب آباد: "مرسوں مرسوں سندھو نہ ڈیسوں" کے تحت پی پی کی احتجاجی ریلی

جیکب آباد (رپورٹ انیس جلھرانی) جیکب آباد، پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور سندھ کے صوبائی صدر نثار احمد کھوڑو کی کال پر "مرسوں مرسوں سندھو نہ ڈیسوں" کے عنوان سے احتجاجی ریلی نکالی گئی۔ ریلی کی قیادت ضلعی جنرل سیکریٹری رضوان (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

شہریوں کی صحت کا تحفظ میونسپل کارپوریشن کی اولین ترجیح ہے' عوامی حلقے

شہر میں روزانہ کی بنیاد پر صفائی ستھرائی کا عمل جاری رکھنا ایک بہترین اقدام ہے

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) صحبت پور کے عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ میونسپل کارپوریشن کی جانب سے شہر میں روزانہ کی بنیاد پر صفائی ستھرائی کا عمل جاری رکھنا ایک بہترین اقدام ہے۔ اس کا مقصد شہریوں کو گندگی اور تعفن سے بچانا ہے، یہی وجہ ہے کہ صفائی عملہ مختلف (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

کچھی میں فائرنگ سے دو افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی زمینی تکرار بربر برادری کی زمینوں پر قبضہ گیری شدید فائرنگ دو افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات مال مویشی کی ہلاکتیں پولیس کے مطابق کچھی بھاگ ناڑی پولیس تھانے کی حدود گوٹھ بربر دودائی موضع ٹڑ میں اقوام بربر کی قدیمی اراضیات پر کامران ولد انور لہڑی درجنوں مسلح افراد کے ہمراہ حملہ آور ہوکر شدید فائرنگ شروع کردی

صوبے بھر میں اشتہاریوں، مفرور ملزمان اور جرائم پیشہ عناصر کیخلاف خصوصی مہم جاری

11 مغویوں کو بحفاظت بازیاب کرایا گیا۔ پریس ریلیز کے مطابق 9 مسروقہ گاڑیاں، 20 موٹر سائیکلیں اور 8 موبائل فون بھی برآمد کیے گئے

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) ترجمان بلوچستان پولیس کے ایک پریس ریلیز کے مطابق صوبے بھر میں اشتہاریوں، مفرور ملزمان اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری خصوصی مہم کے دوران گزشتہ تین ہفتوں میں 108 ملزمان کو گرفتار کرکے بھاری مقدار میں اسلحہ برآمد کر لئے گئے ہیں۔ ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر کی (بقیہ 70 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی کی بائی پاس روڈ کے منصوبے کا کام عرصہ دراز سے بند ہے' کے کے کھوسہ

علم نہیں ہو رہا کہ ڈیرہ مراد جمالی کے بائی پاس روڈ کے منصوبے کا کام کس وجوہات کے بنا پر روکا ہوا ہے

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) وازِ معذوروں ڈویژن نصیرآباد کے صدر کے کے کھوسہ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ نصیرآباد کے صدر مقام شہر ڈیرہ مراد جمالی کی بائی پاس روڈ کے منصوبے کا کام عرصہ دراز سے بند ہے جس کی وجہ سے پوری علاقے کی عوام پریشان حال ہوچکی ہے انہوں نے کہا کہ علم نہیں ہورہا کہ ڈیرہ مراد جمالی کے بائی پاس روڈ کے منصوبے کا کام کس وجوہات کے بنا پر روکا ہوا ہے انہوں نے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اس بائی پاس روڈ کے رکے ہوئے کام کو دوبارہ شروع کیا جائے تاکہ عوام کا دیرانہ مسئلہ حل ہوجائے جبکہ ڈیرہ مراد جمالی کو بائی (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

صوبے بھر میں اشتہاریوں، مفرور ملزمان اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری خصوصی مہم میں برآمد ہونے والے اسلحہ گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں